# Terms and Conditions for Account
# شرائط وضوابط برائے اکاؤنٹ

Bank Alfalah
Islamic

Account Title
اکاؤنٹ کا نام

Account No.
اکاؤنٹ نمبر

# Terms and Conditions Governing the Account

## شرائط وضوابط برائے اکاؤنٹ

In these Terms and Conditions the expression 'Bank' shall mean Bank Alfalah Limited-Islamic Banking and the expression 'Customer' shall mean the person(s) who has/have opened the Account. Words importing the singular shall include the plural. 'Person' shall mean an individual, a firm, or a corporate body.

ان شرائط وضوابط میں لفظ 'بینک' کا مطلب بینک الفلاح لمیٹڈ اسلامک بینکنگ ہے اور لفظ صارف کا مطلب وہ فرد/افراد ہیں جو اکاؤنٹ کھلوا رہا ہے/رہے ہیں۔ واحد کے صیغے میں بھی شامل ہیں۔ فرد کا مطلب ایک انفرادی شخص، ایک دفتر یا کوئی کاروباری ادارہ ہے۔

## 1. Account — اکاؤنٹ

1.1 Proper identification in the form of valid identification document (e.g. CNIC / NICOP/ POC / Passport etc.) will be required before the Bank opens any account in its sole discretion, which will be independently verified by the Bank.

بینک میں اکاؤنٹ کھولنے کے لیے کار آمد شناختی دستاویزات (مثلاً کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/این آئی سی او پی/پی او سی/پاسپورٹ وغیرہ) مطلوب ہوگا جو خالصتاً بینک کی صوابدید ہوگی جو بینک اپنے طور پر تصدیق کروائے گا۔

1.2 Each account will be allotted a distinctive number, which should be quoted in all correspondence with the Bank relating to the account.

ہر اکاؤنٹ کو علیحدہ نمبر دیا جائے گا۔ جس کا حوالہ اکاؤنٹ سے متعلق بینک کے ساتھ کی جانے والی جملہ خط وکتابت میں دیا جانا ضروری ہوگا۔

1.3 The account shall be subject to the applicable laws of the Islamic Republic of Pakistan and the prevailing rules, regulations and directives of the State Bank of Pakistan, as may be revised from time to time.

اکاؤنٹ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے رائج قوانین اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جملہ قواعد ضوابط اور ہدایات لاگو ہوں گی جو کہ وقتاً فوقتاً تبدیل ہوسکتے ہیں۔

1.4 All accounts are opened on the basis of initial scrutiny of all the applicable documents at the branch and shall remain blocked for debit transaction, till the time of completion of all the formalities.

تمام اکاؤنٹس، برانچ میں تمام قابلِ اطلاق دستاویزات کی ابتدائی جانچ پڑتال کی بنیاد پر کھولے جاتے ہیں اور تمام رسمی کارروائیوں کی تکمیل تک ڈیبٹ لین دین کے لیے بلاک رہیں گے۔

1.5 Opening of photo accounts is subject to provision of proper identification duly supported by two attested passport size photographs besides taking customer's thumb impression on the SS card. Photo account cannot be operated unless the customer comes to the Bank and puts his/her thumb impression on the cheque in the presence of a Bank Officer.

فوٹو اکاؤنٹ کا کھلنا مکمل شناخت کے ساتھ جس میں دو تصدیق شدہ تصاویر علاوہ ازیں SS کارڈ پر صارف کے انگوٹھے کا نشان بھی موجود ہو، سے مشروط ہے۔ فوٹو اکاؤنٹ اس وقت تک آپریٹ نہیں ہوسکتا ہے جب تک صارف بینک نہ آئے اور اپنے انگوٹھے کا نشان بینک کے آفیسر کے سامنے چیک پر نہ لگائے۔

1.6 In case the account has been opened through the digital account application, digital/electronic signatures on account Terms and Conditions, such account opening form shall be deemed as legally binding and said digital/electronic signatures shall be having the same validity as vet signatures.

ڈیجیٹل اکاؤنٹ درخواست کے ذریعے اکاونٹ کھلوانے کی صورت میں اکاؤنٹ شرائط وضوابط پر ڈیجیٹل/الیکٹرانک دستخط اور ایسا اکاؤنٹ اوپننگ فارم قانونی طور پر پابند تصور کیا جائے گا اور مذکورہ ڈیجیٹل/الیکٹرانک دستخط اصل دستخط کی طرح موثر ہوں گے۔

## 2. The Deposit Protection Corporation — ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن

2.1 The Deposit Protection Corporation (DPC) aims to provide protection to small depositors of banks operating in Pakistan. In the event, the State Bank of Pakistan notifies Bank Alfalah as a failed institution, the depositors will have protection to the extent of the guaranteed amount through DPC.

ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن (DPC) کا مقصد پاکستان میں کام کرنے والے بینکوں کے چھوٹے جمع کنندگان کو تحفظ فراہم کرنا ہے۔ اگر اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینک الفلاح کو ناکام ادارہ قرار دیتا ہے تو جمع کنندگان کو ڈی پی سی کے ذریعے ضمانت شدہ رقم کی حد تک تحفظ حاصل ہوگا۔

2.2 An amount of up to Rs. 1,000,000/- (Rupees one million) only, per depositor per bank has been determined by DPC as the guaranteed amount (protected deposit). This amount may change at the discretion of DPC.

ڈی پی سی کی جانب سے فی جمع کنندہ فی بینک زیادہ سے زیادہ روپے -/1,000,000 (دس لاکھ روپے) کو ضمانت شدہ رقم (محفوظ ڈپازٹ) مقرر کیا گیا ہے۔ یہ رقم ڈی پی سی کی صوابدید پر تبدیل ہوسکتی ہے۔

2.3 The DPC has notified that deposit account maintained by Individuals, Sole proprietors, Partnerships, and Trusts, will fall under the classification of protected deposits.

ڈی پی سی نے مطلع کیا ہے کہ افراد، واحد ملکیت، شراکت داری اور ٹرسٹس کے زیرِ انتظام ڈپازٹ اکاؤنٹس محفوظ ڈپازٹس کے زمرے میں آئیں گے۔

2.4 For details over protection methodology, its exclusions and FAQs, along with any updates as notified in this regard from time to time, please visit: https://www.dpc.org.pk/

تحفظ کے طریقہ کار، اس کی مستثنیات اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs) سمیت وقتاً فوقتاً اس ضمن میں جاری کی جانے والی تازہ معلومات کے لیے براہِ کرم ملاحظہ کریں: https://www.dpc.org.pk/

## 3. Deposits — ڈپازٹس

3.1 Any sum to be deposited in the account should be accompanied by the Bank's duly filled deposit slip showing the title and number of the account to be credited along with depositor's signature. Such deposits must be tendered at the cash counter only. The depositor should satisfy himself/herself with the details in the system generated / electronically validated cash deposit form are in order, when received. Cash may also be deposited through any other means acceptable by the Bank.

اکاؤنٹ میں جمع کروائی جانے والی رقم کے ساتھ پر کی ہوئی بینک ڈپازٹ سلپ منسلک ہونی چاہیے جس میں اکاؤنٹ ہولڈر کا نام اور اکاؤنٹ نمبر جس میں رقم جمع کروانا مقصود ہو اور ڈپازٹر کے دستخط ثبت ہوں۔ ایسے ڈپازٹس لازمی طور پر کیش کاؤنٹر پر جمع کروائیں۔ ڈپازٹر سسٹم سے جاری شدہ/ الیکٹرانک طور پر موثر رسید ملنے پر اس بابت اطمینان کر لیں کہ اس میں اندراج کی جانے والی معلومات صحیح ہیں۔ بینک کی طرف سے قابل قبول کسی دوسرے ذرائع سے بھی نقد رقم جمع کی جا سکتی ہے۔

3.2 All cheques and other instruments should be crossed before they are deposited in the account.

تمام چیکس اور دیگر انسٹرومنٹس کو کسی اکاؤنٹ میں کریڈٹ کرنے کے لیے جمع کروانے سے پہلے لازمی طور پر کراس کرنا چاہیے۔

3.3 In receiving cheques or other instruments for collection in the account, the Bank acts only as a collecting agent of the Customer and assumes no responsibility for the realisation of such cheques/instruments.

کسی اکاؤنٹ میں جمع کرنے کے لئے موصول ہونے والے چیک/انسٹرومنٹس کے سلسلے میں بینک اپنے صارف کے لیے کلیکشن ایجنٹ کے طور پر کام کرے گا اور کسی بھی چیک/انسٹرومنٹ کی ادائیگی کے لیے ذمہ دار نہ ہوگا۔

3.4 The Bank may refuse to accept cheques/instruments drawn in favour of a third party crossed 'Account Payee' or 'Non-negotiable' or any other crossing restricting negotiation. Uncleared cheques/instruments, though credited, shall not be drawn against by the Customer.

بینک کسی تھرڈ پارٹی کے حق میں جاری شدہ چیکس/انسٹرومنٹس جو کہ کراسڈ ہوں، پے ایز اکاؤنٹ یا نان نیگوشی ایبل یا کوئی دیگر کراسنگ کی پابندی کا حامل نیگوسی ایشن قبول کرنے سے انکار کر سکتا ہے۔ کریڈٹ کے ذریعہ سے کلیئر نہ ہونے والے چیک/انسٹرومنٹس کی بابت صارف کو ادائیگی نہیں ہوگی۔

3.5 Without prior notice to account holder/depositor, the Bank reserves the right to debit the account for any cheque/instrument, if previously credited, in the event the proceeds thereof are not received by the Bank or even if proceeds have been received, the drawee Bank/correspondent Bank subsequently claims the same from the Bank and returns the cheque/instrument unpaid for any reason.

بینک کسی اکاؤنٹ ہولڈر/ڈپازٹر کو نوٹس دیے بغیر کسی اکاؤنٹ کو کسی چیک یا انسٹرومنٹس کی بابت ڈیبٹ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اگر چیک/انسٹرومنٹ پہلے کریڈٹ کر دیا گیا ہو اور بینک کو اس کی پروسیڈز موصول نہ ہوں یا اگر پروسیڈز موصول ہو چکی ہوں اور ادائیگی کنندہ بینک/متعلقہ بینک کسی وجہ سے چیک/انسٹرومنٹ کو غیر اداشدہ واپس کرتے ہوئے بینک سے ادائیگی شدہ پروسیڈز کی واپسی کا مطالبہ کر لے۔

3.6 The Bank utilising the services of another bank or other banks for the purpose of carrying out or giving effect to any instructions of the Customer do so for the account and at the sole risk of the Customer. The Bank assumes no liability or responsibility should the instruction it transmits is not carried out by such bank(s) for any reason whatsoever, even if the Bank has itself chosen such bank(s).

بینک کسی دیگر بینک یا بینکوں کی سروسز کا استعمال صارف کے اکاؤنٹ کی بابت ہدایات پر عمل یا اس کی تکمیل خالصتاً صارف کے رسک پر کرے گا۔ بینک کسی دیگر بینک کو ارسال کی گئی ہدایات پر کسی وجہ سے عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں ہرگز ذمہ دار نہ ہوگا، خواہ اس بینک کا انتخاب بینک نے خود کیا ہو۔

3.7 The Bank shall not be responsible for the delay and/or loss in transit of any cheque/instrument, nor for any act, omission, neglect, loss of profit, default, failure or insolvency of any correspondent bank, agent or sub-agent or for any reason beyond the control of the Bank. In case of delay or loss in transit, the Bank will follow up with the concerned for swift resolution.

بینک کسی چیک/انسٹرومنٹ کی ترسیل میں تاخیر اور/یا اس بابت نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا اور کسی فعل، بھول چوک، غفلت، نفع میں نقصان، کوتاہی، ناکامی یا دوسرے بینک، ایجنٹ یا سب ایجنٹ کا دیوالیہ ہونے یا کسی ایسی وجہ سے جو بینک کے کنٹرول میں نہ ہو کا بھی ذمہ دار نہ ہوگا۔ کسی منتقلی میں تاخیر یا نقصان کی صورت میں بینک دوسرے متعلقہ افراد سے مناسب حل کے لیے کوشش کرے گا۔

3.8 The Bank shall have the right to reverse or recover any amounts transferred through erroneous transactions in any of the accounts, from such accounts, without prior notice/intimation to the Customer. The Customer shall be liable to make good any loss accrued to the Bank through withdrawal of amounts erroneously credited to their accounts.

بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ ایسی رقم جو کسی دوسرے اکاؤنٹ سے صارف کے اکاؤنٹ میں منتقلی ہو گئی ہو، بغیر کسی پیشگی نوٹس کے واپس وصول کر لے۔ صارف اکاؤنٹ سے ایسی رقم نکالنے پر جو غلطی سے اس کے اکاؤنٹ میں کریڈٹ ہو گئی ہو اس سلسلے میں بینک کو ہونے والے نقصان کا ازالہ کرنا صارف کی ذمہ داری ہوگی۔

## 4. Withdrawals — رقوم کا نکالنا

4.1 Withdrawals from the account shall be made by using the cheque book/debit card supplied by the Bank at the request of the customer or through any means/instruments acceptable by the Bank.

اکاؤنٹ سے رقوم صرف صارف کی درخواست پر بینک کی طرف سے جاری کردہ چیک بک/ڈیبٹ کارڈ کے ذریعہ سے یا بینک کو قابل قبول ذریعہ/انسٹرومنٹ سے نکلوائی جائے گی۔

4.2 Cheques should be signed by the account holder (including Customer with no education) as per specimen signature/thumb impression supplied to the Bank and any alteration(s) thereon must be authenticated by drawer's full signature. While complying with any instructions of the account holder, the Bank shall only rely on the signature as provided/inscribed by the account holder on the specimen signature card at the time of opening of the Bank account.

چیک پر اکاؤنٹ ہولڈر (بشمول خواندہ/نیم خواندہ) کا بینک کو دیئے گئے دستخط کے نمونے/انگوٹھے کے نشان کے مطابق ہونا چاہیے اور اس میں کسی قسم کی رد و بدل/تبدیلی اکاؤنٹ ہولڈر کے مکمل دستخط/انگوٹھے کے نشان سے تصدیق ہونی چاہیے۔ کسی اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے جاری کردہ ہدایات پر عمل درآمد کرتے وقت بینک صرف اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے اکاؤنٹ کھولنے کے وقت بینک کو مجوزہ کارڈ برائے نمونہ دستخط پر دیئے گئے دستخط پر انحصار کرے گا۔

4.3 Post-dated (6 months old) stale and defective cheques shall not be paid by the Bank.

بینک آئندہ تاریخ یا 6 ماہ پرانی تاریخ اور نقص کے حامل چیک پر ادائیگی نہیں کرے گا۔

4.4 The Customer shall ensure safe keeping of the cheque book and shall not allow access to the cheque book to any unauthorised person.

صارف اپنی چیک بک کی حفاظت کو یقینی بنائے گا اور کسی غیر متعلقہ شخص کی اس تک رسائی نہیں ہونے دے گا۔

4.5 Payments involving large amounts of cash will be made subject to availability of cash at the Bank's branch or only after the Bank has made necessary arrangements for cash. The Bank may ask for reasonable time to make payments of such large amounts

بڑی ادائیگی کے حامل چیک پر ادائیگی برانچ کے پاس رقم کی موجودگی سے مشروط ہے یا بینک کی جانب سے کیش کے لئے ضروری انتظام کرنے کے بعد ہوگی۔ بینک ایسی بڑی رقوم کی ادائیگی کے لیے مناسب وقت طلب کر سکتا ہے۔

## 5. Current Accounts کرنٹ اکاؤنٹ

5.1 Current accounts may be opened with an initial deposit as may be prescribed by the Bank.

کرنٹ اکاؤنٹس بینک کی طرف سے تجویز کردہ ابتدائی ڈپازٹ کے ذریعے کھولے جا سکتے ہیں۔

5.2 Monies deposited by the Customer with the Bank under the current accounts are on the basis of Qard and shall remain payable until paid. Bank may at its discretion use or employ such funds as it deems fit.

کسٹمر کی طرف سے بینک کے کرنٹ اکاؤنٹس میں جمع کروائی گئی رقوم قرض کی بنیاد پر ہونگی اور ادائیگی تک قابل ادا رہیں گی۔ بینک اپنی صوابدید پر، جیسے مناسب سمجھے، ان فنڈز کا استعمال کر سکتا ہے۔

## 6. Profit Bearing Deposits منافع بخش ڈپازٹس

6.1 The relationship between the Bank and the Customer with respect to all profit bearing deposits shall be based on the principles of Mudarabah, where the Customer is the Rab-ul-Maal and the Bank is the Mudarib.

تمام منافع بخش ڈپازٹس کے لحاظ سے بینک اور کسٹمر کے درمیان تعلق مضاربہ کے اُصولوں کی بنیاد پر قائم ہوگا، جس میں کسٹمر رب المال ہے اور بینک مضارب ہے۔

6.2 The Bank as Mudarib may invest or disinvest, at its sole discretion, amounts/deposits received by it from the Customers in any of the businesses (businesses, transactions and products) of the Bank as it deems appropriate under the products and avenues approved by the Shariah Board of the Bank.

بینک کے شریعہ بورڈ سے منظور شدہ پروڈکٹس اور ایوینیوز کے تحت بینک بطور مضارب، اپنی صوابدید پر، جیسا وہ مناسب سمجھے، کسٹمرز سے وصول کردہ رقوم/ڈپازٹس کے ذریعے بینک کے بزنسز میں سے کسی بھی بزنس (بزنسز، ٹرانزیکشنز اور پروڈکٹس) میں سرمایہ کر سکتا یا نہیں کر سکتا ہے۔

6.3 Bank may commingle my/our funds with other depositors' funds, including the current deposits within the Mudarabah pool as and when required.

بینک کو جب اور جیسے درکار ہو، وہ میرے/ہمارے فنڈز کو دیگر ڈپازٹر کے فنڈز، بشمول مضاربہ پُول کے کرنٹ ڈپازٹس کے ساتھ ملا سکتا ہے۔

6.4 All deposit categories shall be assigned weightages. Weightages for every month or any interval decided by the Bank shall be finalised and announced 3 working days before starting of the month, and sheet containing weightages for the month shall be available on the noticeboard of Bank's branches and its website. Weightages sheet shall also be provided to Customers on demand.

تمام ڈپازٹ کیٹیگریز کے ویٹیجز مقرر کیے جائیں گے۔ ہر ماہ یا بینک کی طرف سے تجویز کردہ مدت کے لیے مقرر کردہ ویٹیجز حتمی ہونگے اور ہر ماہ کے آغاز سے 3 دن قبل اعلان کیے جائیں گے اور ہر ماہ ویٹیجز کی شیٹ بینک کی برانچوں میں موجود نوٹس بورڈ پر یا بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوگی۔ ویٹیجز شیٹ کسٹمر کے مطالبے پر فراہم بھی کی جائے گی۔

## 6.5 Profit Equalisation Reserve Maintenance (PER) — پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو مینٹیننس

a. Bank Alfalah Islamic Banking Group may maintain PER (the amount appropriated by Bank Alfalah Islamic Banking Group out of the Mudarabah Income before allocating the Mudarib share in order to maintain a certain level of return in investment for investment account holders, the profit bearing depositors) by deducting an amount from distributable profit before allocating the profit between Bank Alfalah Islamic Banking Group (Mudarib) and the depositors.

a. بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ، قابلِ تقسیم منافع کو بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ (مضارب) اور رقم جمع کروانے والوں (ڈپازٹرز) کے درمیان مقرر کرنے سے قبل، اس میں سے رقم منہا کر کے پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو (انویسٹمنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز یعنی منافع حاصل کرنے والے ڈپازٹرز کے لیے سرمایہ کاری میں منافع کا ایک خاص لیول برقرار رکھنے کے لیے مضارب کے شیئر مقرر کرنے سے قبل مضاربہ کی آمدنی میں سے بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ کی جانب سے مقرر کردہ رقم) کو برقرار رکھ سکتا ہے۔

b. Bank Alfalah Islamic Banking Group may maintain a separate pool for management of PER that will consist of sub-ledgers according to the source of funds. The management of BAFL-IBG will obtain the approval first by Shariah Board and then the Financial Controller/Head of Finance Department and Group Head Islamic Banking Group, and depositors will be informed while opening of account and each month via statement in which Weightages and PSR are declared before making such deductions.

b. بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ، پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو کو منظم کرنے کے لیے ایک علیحدہ پول برقرار رکھ سکتا ہے جو فنڈز کے ذرائع کے مطابق سب-لیجرز پر مشتمل ہوگا۔ بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ کی مینجمنٹ پہلے شریعہ بورڈ سے منظوری لے گی اور پھر فنانشل کنٹرولر/ہیڈ آف فنانس ڈپارٹمنٹ اور گروپ ہیڈ اسلامک بینکنگ گروپ سے منظوری لی جائے گی اور ڈپازٹرز کو اکاؤنٹ کھولتے وقت اور ہر ماہ بذریعہ اسٹیٹمنٹ مطلع کیا جائے گا۔ اسٹیٹمنٹ میں کٹوتی کرنے سے قبل کے ویٹیجز اور پی ایس آر کے متعلق مطلع کیا جاتا ہے۔

c. The monthly contribution into PER pool will not exceed 2% of net income of respective Mudarabah pool and the accumulated balance of PER will not exceed 30% of the Islamic Banking Fund (IBF) of Bank Alfalah Islamic Banking Group.

c. پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو پُول میں کی گئی ماہانہ کنٹری بیوشن، مضاربہ پُول کے تحت حاصل کردہ خالص آمدنی کے 2% سے زیادہ نہیں کی جائے گی اور پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو کا مجموعی بیلنس، بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ کے اسلامک بینکنگ فنڈ کے 30% سے زیادہ نہیں ہوگا۔

d. Balance of PER pool will be reflected as liability and equity as per the ratio of share of Bank Alfalah Islamic Banking Group and the deposit of the account holders.

d. بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ کے شیئر تناسب اور اکاؤنٹ ہولڈرز کے ڈپازٹ کے مطابق پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو پُول کا بیلنس بطور لائبلٹی اور ایکویٹی ظاہر کیا جائے گا۔

e. The funds of PER pool will only be invested in Shariah compliant SLR eligible securities as a separate pool and the returns earned on these funds will also be credited to the PER account.

e. پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو پُول کے فنڈز کو بطور علیحدہ پُول صرف شریعہ کمپلائنٹ ایس ایل آر کی اہل سیکیورٹیز میں انویسٹ کیا جائے گا اور ان فنڈز پر حاصل کردہ منافع کو پی ای آر اکاؤنٹ میں کریڈٹ بھی کیا جائے گا۔

f. The profit sharing ratio for Bank Alfalah Islamic Banking Group as Mudarib will not be more than 10% for managing PER pool.

f. پروفٹ ایکوالا ئزیشن ریز ریو پُول کو منظم کرنے کے لیے بحیثیت مضارب، بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ کے پروفٹ شیئرنگ کا تناسب 10% سے زیادہ نہیں ہوگا۔

g. In case, accumulated balance of PER equals 30% of the Islamic Banking Fund, PER shall not be deducted for the month from net income of the pool.

g. اگر پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو کا مجموعی بیلنس، اسلامک بینکنگ فنڈ کے 30% کا مساوی ہوگا تو اُس ماہ میں پُول کی خالص آمدنی میں سے پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو منہا نہیں کیا جائے گا۔

## 6.6 Profit Equalisation Reserve Utilisation — پروفٹ ایکوالائزیشن ریزریو کا استعمال

a. Bank Alfalah Islamic Banking Group may fully or partly utilise the amount of PER to improve the returns to the depositors during periods when the pools' profits are below market expectations.

a. بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ، ڈپازٹرز کے منافع جات کو بہتر کرنے کے لیے پروفٹ ایکولائزیشن ریزریو کی رقم کو مکمل یا جزوی طور پر استعمال کر سکتا ہے، اس وقت جب پولز کے منافع جات مارکیٹ کی توقعات سے کم ہوں۔

b. Month-wise account/sub-accounts of PER (for example PER for January 2013, PER for February 2013 and etc.) will be maintained and these accounts will be reversed/utilised on a First In First Out (FIFO) basis in the respective pool(s) to which they relate as per the average maturity and withdrawal limits of depositors, not higher than 24-30 months. This will ensure the following:

- Depositors are not deprived of the return and of their PER share
- The write-back of liability as per the Income Tax Ordinance, 2001 would be avoided

b. پروفٹ ایکولائزیشن ریزریو (مثال کے طور پر جنوری، 2013 کے لیے پروفٹ ایکولائزیشن ریزریو، فروری 2013 کے لیے پروفٹ ایکولائزیشن ریزریو وغیرہ) کے ماہانہ بنیاد پر اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹس کو برقرار رکھا جائے گا اور ان اکاؤنٹس کا استعمال پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر متعلقہ پول (پولز) میں کیا جائے گا، جس سے یہ اوسط میچورٹی اور ڈپازٹرز کی رقم نکلوانے کی حدوں، جو 30-24 ماہ سے زائد نہ ہوں، کے مطابق نسبت رکھتے ہیں۔ اس سے مندرجہ ذیل کو یقینی بنایا جائے گا:

- ڈپازٹرز، منافع اور اپنے پروفٹ ایکوالائیزیشن ریزریو کے شیئر سے محروم نہیں ہوں گے۔
- انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے مطابق رائٹ بیک کی لائبلٹی سے بچا جائے گا۔

## 6.7 Investment Risk Reserve Maintenance (IRR) — انویسٹمنٹ رسک ریزرو مینٹیننس

a. Bank Alfalah Islamic Banking Group may maintain a separate pool for management of IRR (an amount appropriated by the Bank Alfalah Islamic Banking Group out of the income of investment account holders after allocating the Mudarib share in order to cater against future losses for investment account holders, the profit bearing depositors) which will consist of sub-ledgers according to source of funds.

a. بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ، انویسٹمنٹ رسک ریزریو مینٹیننس (انویسٹمنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز یعنی منافع حاصل کرنے والے ڈیپازٹرز کے لیے مستقبل کے نقصانات سے نمٹنے کے لیے مضارب کے شیئر مقرر کرنے کے بعد انویسٹمنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی آمدنی میں سے بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ کی جانب سے مقرر کردہ رقم) کو منظم کرنے کے لیے ایک علیحدہ پول قائم کرسکتا ہے، جو فنڈز کے ذرائع کے مطابق سب-لیژرز پر مشتمل ہوگا۔

b. Bank Alfalah Islamic Banking Group may contribute towards IRR an amount up to 1% of the profit available for distribution amongst the pools' depositors after deduction of Mudarib share in every profit period.

b. بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ، انویسٹمنٹ رسک ریزریو میں کنٹری بیوٹ کرسکتا ہے۔ یہ کنٹری بیوشن، منافع کی ہر مدت میں مضارب کے شیئر کی کٹوتی کے بعد حاصل کردہ منافع کے 1% تک کی رقم جو پولز کے ڈپازٹرز میں کنٹری بیوشن کے لیے دستیاب ہے، پر مشتمل ہوگی۔

c. The funds of IRR will only be invested in Shariah compliant SLR eligible securities to be maintained as a separate pool and the returns earned on these funds will also be credited to the IRR account(s).

c. انویسٹمنٹ رسک ریزریو کے فنڈز کو بطور علیحدہ پول برقرار رکھنے کے لیے صرف شریعہ کمپلائنٹ ایس ایل آر کی اہل سیکیورٹیز میں انویسٹ کیا جائے گا اور ان فنڈز پر حاصل کردہ منافع کو آئی آر آر اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) میں کریڈٹ بھی کیا جائے گا۔

d. The profit sharing ratio for Bank Alfalah Islamic Banking Group as Mudarib for the pool will not be more than 10% for managing IRR.

d. انویسٹمنٹ رسک ریزریو پول کو منظم کرنے کے لیے بحیثیت مضارب، بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ کے پروفٹ شیئرنگ کا تناسب 10% سے زیادہ نہیں ہوگا۔

## 6.8 Investment Risk Reserve Utilisation — انویسٹمنٹ رسک ریزریو کا استعمال

a. Funds of IRR will be released mainly when there are financial losses on financing and investments or it is no more required. Therefore, Bank Alfalah Islamic Banking Group may, at its liberty, utilise the funds in IRR to offset impact of financial losses.

a. انویسٹمنٹ رسک ریزریو کے فنڈز اس وقت نکالے جائیں گے جب قرض اور سرمایہ کاریوں پر مالیاتی نقصانات پیش آئیں یا اس کی مزید ضرورت نہ ہو۔ لہذا، بینک الفلاح اسلامک بینکنگ گروپ اپنی مرضی سے، مالیاتی نقصانات پورا کرنے کے لیے فنڈز استعمال کرسکتا ہے۔

b. Month-wise account/sub-accounts of IRR (for example IRR for January 2013, IRR for February 2013 etc.) will be maintained and these accounts will be reversed/utilised on a First-In-First-Out (FIFO) basis in the respective pool(s) to which they relate as per the average maturity and withdrawal limits of depositors, not higher than 24-30 months. This will ensure the following:

- Depositors are not deprived of the return and of their IRR share
- The write-back of liability as per the Income Tax Ordinance, 2001, would be avoided

b. انویسٹمنٹ رسک ریزریو (مثال کے طور پر جنوری، 2013 کے لیے انویسٹمنٹ رسک ریزرو، فروری 2013 کے لیے انویسٹمنٹ رسک ریزرو وغیرہ) کے ماہانہ بنیاد پر اکاؤنٹ/ذیلی اکاؤنٹس کو برقرار رکھا جائے گا اور ان اکاؤنٹس کا استعمال پہلے آئیں پہلے پائیں کی بنیاد پر متعلقہ پول (پولز) میں کیا جائے گا جس سے یہ اوسط میچورٹی اور ڈپازٹرز کی رقم نکلوانے کی حدوں، جو 24-30 ماہ سے زائد نہ ہوں، کے مطابق نسبت رکھتے ہیں۔ اس سے مندرجہ ذیل کو یقینی بنایا جائے گا:

- ڈپازٹرز، منافع اور اپنے انویسٹمنٹ رسک ریزرو کے شیئر سے محروم نہیں ہوں گے۔
- انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے مطابق رائٹ بیک کی لائبلٹی سے بچا جائے گا۔

6.9 Bank shall share in the profit on the basis of a predetermined percentage of net income of the pool according to the profit sharing ratio between the Bank and its Customers determined at the beginning of the month or any interval decided by the Bank. The net income of the pool is defined as gross income of the pool less direct expenses, write-offs and losses of investments incurred in deriving that income. Bank's share shall vary from time to time and shall be announced through the Weightages sheet of the respective months.

بینک، پول کی خالص آمدنی کی پہلے سے متعین کردہ شرح فیصد کی بنیاد پر منافع میں شیئر کرے گا، جو کہ بینک اور اس کے کسٹمر کے درمیان پروفٹ شیئرنگ کے تناسب کے مطابق ہوگا، یہ تناسب ہر ماہ یا بینک کی طرف سے دی گئی مدت پر متعین کیا جاتا ہے۔ پول کی خالص آمدنی، پول کی مجموعی آمدنی کہلاتی ہے اور اس آمدنی کا حساب لگاتے وقت براہِ راست اخراجات، رائٹ آف اور سرمایہ کاری پر نقصانات کو منہا کر دیا جاتا ہے۔ بینک کے شیئر وقتاً فوقتاً تبدیل ہوتے رہتے ہیں اور جس کا اعلان متعلقہ مہینوں کی ویٹیجز شیٹ کے ذریعے کیا جاتا ہے۔

6.10 The Bank may at its option also participate in the business as an investor.

بینک اپنے اختیار پر بطور سرمایہ کار کاروبار میں پارٹیسیپیٹ بھی کر سکتا ہے۔

6.11 The Bank, in the light of profit and loss mechanism and pool management policy, and based on profit/loss from its operation/investments, shall determine the rate of profit to be paid to the Customer on monthly rests, and or any other interval prescribed by the Bank from time to time.

بینک، نفع و نقصان اور پول مینجمنٹ پالیسی کی روشنی میں اور اس کے آپریشنز/سرمایہ کاریوں سے ہونے والے نفع/نقصان کی بنیاد پر کسٹمر کو ماہانہ بنیاد پر یا بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً طے کردہ کسی دیگر مدت پر ادا کیے جانے والے منافع کی شرح متعین کرے گا۔

6.12 In the event of a loss on either the capital or revenue account in respect of the business and all investors of the investment pool shall share in such loss on a pro-rata basis proportionate to their investment.

کیپیٹل یا ریونیو اکاؤنٹ میں نقصان کی صورت میں، انویسٹمنٹ پول کے کاروبار اور تمام سرمایہ کار اس نقصان کو اپنی سرمایہ کاری کے تناسب سے برداشت کریں گے۔

6.13 In case loss is incurred by the business and is caused by gross negligence or wilful default of the Bank, the Customers will not be liable to share in such loss as contemplated by the preceding clause.

اگر نقصان کاروبار کو برداشت کرنا پڑے اور یہ نقصان بینک کی مجموعی نظر اندازی یا جان بوجھ کر غلطی کے نتیجے کے باعث ہوا ہو تو کسٹمر سابقہ شق کے مطابق اس نقصان کو برداشت کرنے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

6.14 The method of calculating any return under the profit and loss sharing scheme is governed by the prevailing regulations/directives of the State Bank of Pakistan issued from time to time.

پروفٹ اینڈ لاس شیئرنگ اسکیم کے تحت منافع کا حساب اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے وقتاً فوقتاً جاری کردہ مروجہ ضابطوں/ہدایات کے مطابق لگایا جاتا ہے۔

6.15 In accordance with these Terms and Conditions, any amount allocated as profit/loss by the Bank shall be final and binding on all Customers.

ان شرائط و ضوابط کے مطابق بینک کی طرف سے نفع/نقصان کے لیے مقرر کی گئی رقم حتمی ہوگی اور تمام کسٹمرز کے لیے قابلِ پابند ہوگی۔

6.16 Unless specifically advised by the Customer to the contrary on maturity, a fixed term deposit/investment will be renewed/reinvested again at the sole discretion of the Bank on terms then applicable.

میچورٹی پر جب تک کہ کسٹمر کی طرف سے خاص طور پر نہ کہا جائے، بینک کی اپنی صوابدید پر اور اس وقت قابلِ اطلاق شرائط پر، ایک فکسڈ ٹرم ڈپازٹ/انویسٹمنٹ کی تجدید/دوبارہ سرمایہ کاری کی جائے گی۔

6.17 Zakat, whenever applicable, shall be deducted on valuation date from applicable accounts having balances in excess of the exempted limit as declared for that particular Zakat year. Declaration on prescribed proforma for exemption from deduction of Zakat shall be registered with the Bank at least one month prior to the valuation date as per Zakat rules applicable from time to time. Zakat will be deducted as per Zakat and Ushr Ordinance, 1980.

زکوٰۃ جب بھی قابلِ اطلاق ہو، اُن قابلِ اطلاق اکاؤنٹس سے تخمینہ لگانے کی تاریخ پر منہا کی جائے گی جن میں اُس سال کے لیے اعلان کردہ استثناء کی حد سے زائد بیلنس موجود ہو۔ زکوٰۃ کی کٹوتی سے مستثنیٰ ہونے کے لیے تجویز کردہ پروفارما پر اقرار نامے کو تخمینہ لگانے کی تاریخ سے کم از کم ایک ماہ قبل، زکوٰۃ کے وقتاً فوقتاً قابلِ اطلاق ہونے والے اصولوں کے مطابق بینک کے ساتھ رجسٹرڈ کرنا ہوگا۔ زکوٰۃ کی کٹوتی زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق کی جائے گی۔

## 7. Foreign Currency Accounts فارن کرنسی اکاؤنٹس

7.1 Foreign currency current or savings accounts and time deposits may be established in U.S. Dollar, Pound Sterling, Euro, Japanese Yen, Chinese Yuan and other currencies, as the Bank shall determine/allow and in accordance with the local regulations in force, from time to time.

فارن کرنسی، کرنٹ یا سیونگز اکاؤنٹس اور ٹرم ڈپازٹس امریکی ڈالر، پاؤنڈ اسٹرلنگ، یورو، جاپانی ین، چینی یوان اور دیگر ایسی کرنسیز میں بینک کی طے شدہ اجازت پر اور وقتاً فوقتاً رائج ہونے والے مقامی قواعد کے تحت کھولے جائیں گے۔

7.2 Foreign currency accounts are opened and maintained subject to local laws and regulations, in force from time to time, will be applicable including foreign exchange control regulations and directives of State Bank of Pakistan and Government of Pakistan.

فارن کرنسی اکاؤنٹ کا کھولنا اور مینٹین کرنا مقامی قوانین اور ضوابط سے مشروط ہے جو وقتاً فوقتاً بشمول فارن ایکسچینج کنٹرول کے ضوابط اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور حکومتِ پاکستان کی ہدایات کے مطابق لاگو ہوں گے۔

7.3 Withdrawals from a foreign currency account shall be subject to the availability of the particular foreign currency with the Bank, and in accordance with the prevailing directives of the State Bank of Pakistan and Government of Pakistan. Online withdrawal will only be entertained from designated foreign currency license branch.

فارن کرنسی اکاؤنٹ میں سے رقم نکلوانا اس مخصوص غیر ملکی کرنسی کا بینک کے پاس دستیابی سے مشروط ہے اور اس پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور حکومتِ پاکستان کی مروجہ ہدایات کا بھی اطلاق ہوگا۔ مقررہ فارن کرنسی لائسنس برانچ سے آن لائن رقم نکلوائی جا سکتی ہے۔

7.4 In case of foreign currency current account, monies deposited by the Customer with the Bank are on the basis of Qard and shall remain payable until paid. Bank may at its discretion use or employ such funds as it deems fit.

بینک کے فارن کرنسی کرنٹ اکاؤنٹ میں کسٹمر کی طرف سے ڈپازٹ کی گئی رقوم قرض پر مبنی ہونگی اور ادائیگی تک قابلِ ادا رہیں گی۔ بینک اپنی صوابدید پر، جیسا مناسب سمجھے، ان فنڈز کو استعمال کر سکتا ہے۔

7.5 The Terms and Conditions contained in Section No. 6 hereinabove applicable to profit bearing accounts shall also apply to Foreign currency profit bearing accounts.

مذکورہ بالا سیکشن 6 میں دی گئی شرائط و ضوابط جو منافع رکھنے والے اکاؤنٹس پر قابل اطلاق ہیں، وہی شرائط و ضوابط منافع والے فارن کرنسی اکاؤنٹس پر بھی لاگو ہونگے۔

7.6 The account holder acknowledges that the Bank shall not be liable for any currency exchange loss resulting from any transfer/movement of the balances from foreign currency to the account holder's account in another currency.

اکاؤنٹ ہولڈر تسلیم کرتا ہے کہ بینک کسی بھی ایسے نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو فارن کرنسی اکاؤنٹ سے اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں دوسری کرنسی میں کیے جانے والے بیلنس کی منتقلی کے باعث پیش آئے۔

## 8. Joint Accounts مشترکہ اکاؤنٹس

8.1 Where the joint account is operated with a single signature, the Bank shall honour and pay to the debit of the joint account all cheques, drafts and orders signed by anyone of the authorised signatories. If the Bank prior to acting on instructions received from one authorised signatory receives contradictory instructions from another signatory, the Bank may refuse to act on either of them and insist upon an instruction signed by all the joint account holders.

اگر مشترکہ اکاؤنٹ ایک دستخط کے ساتھ آپریٹ/استعمال ہو رہا ہو تو وہاں بینک کسی ایک اکاؤنٹ ہولڈر کے دستخط شدہ چیک، ڈرافٹ اور آرڈر پر مشترکہ اکاؤنٹ سے ڈیبٹ یا ادائیگی کرے گا۔ اگر بینک کو کسی ایک مجاز دستخط کنندہ کی طرف سے اسکی موصول ہونے والی ہدایات پر عمل درآمد کرنے سے پہلے کسی دوسرے مجاز دستخط کنندہ کی طرف سے اس کے برعکس ہدایات موصول ہوتی ہیں تو بینک ان پر عمل کرنے سے انکار کر سکتا ہے یا ایسی ہدایات کے لیے اصرار کر سکتا ہے جو تمام مجاز دستخط کنندگان کی طرف سے جاری شدہ ہوں۔

8.2 All joint account holders shall be jointly and severally liable for any/all liabilities incurred upon the joint account.

تمام مشترکہ اکاؤنٹ ہولڈر فرداً فرداً انفرادی اور اجتماعی طور پر مشترکہ اکاؤنٹ کی بابت کسی ایک یا تمام ذمہ داریوں کے پابند ہونگے۔

## 9. Minor's Account نابالغ کے نام اکاؤنٹ

9.1 In respect of an account opened in the name of a minor, the Bank shall be entitled to act upon the instructions received from the guardian name mentioned in the Account Opening Form, only till the minor attains age of majority i.e. 18 years, in case of natural guardian and 21 years, where, the court has appointed a guardian.

جہاں اکاؤنٹ نابالغ کے نام پر کھولا گیا ہو تو بینک ایسے گارڈین (سرپرست) کی ہدایات پر عمل کرنے کا مجاز ہوگا، جس کا نام اکاؤنٹ کھولنے کے فارم میں دیا گیا ہو۔ صرف نابالغ کے بالغ ہونے تک یعنی 18 سال، قدرتی سرپرست کی صورت میں اور 21 سال، جہاں، عدالت نے ایک سرپرست مقرر کیا ہے۔

## 10. Statement of Account (SoA) اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ

10.1 The Bank shall send a Statement of Account as per frequency stipulated by State Bank of Pakistan and the Customer shall check the entries made therein. Customer may notify any discrepancies in the Statement of Account within 45 days from the date of issue, after which Bank's statement will be considered final and conclusive, for all purposes whatsoever.

As per directives of the State Bank of Pakistan, the Statement of Account shall not be sent to the Customer whose account has been marked as dormant. However, upon reactivation of account, Bank shall provide Statement of Account on due date from the date the account was flagged dormant or in-operative.

بینک کم از کم اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی مقرر کردہ فریکوینسی کے تحت اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ ارسال کرے گا اور صارف اس کے تمام اندراجات کو چیک کرے گا۔ کسی اندراج میں فرق کی صورت میں صارف بینک کو اس کے اجراء کے 45 یوم کے اندر مطلع کرے گا۔ بعد ازاں اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کو ہر طرح کے مقصد کے لئے حتمی اور نتیجہ خیز تصور کیا جائے گا۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق غیر فعال اکاؤنٹ کی بابت اکاؤنٹ ہولڈر کو اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ ارسال نہیں کیا جائے گا۔ تاہم، اکاؤنٹ کے دوبارہ فعال ہونے پر بینک اکاؤنٹ کے غیر فعال یا ڈورمنٹ قرار دیے جانے کی تاریخ سے مقررہ تاریخ پر اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ فراہم کرے گا۔

10.2 The Bank will take due care to see that the credit and debit entries are correctly recorded in the accounts of the account holder, but in case of any error, the Bank shall be within its right at all times to make the correct adjusting entries, recover any amount due from the account holder without prior notice, and inform the Customer subsequently. The Bank shall not be liable for any damages, losses, etc., consequent upon such error/adjustments.

بینک اس بابت پوری احتیاط کرے گا کہ اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں ڈیبٹ اور کریڈٹ انٹریز کا اندراج درست طور پر کیا گیا ہے۔ تاہم کسی غلطی کی صورت میں، بینک اپنی صوابدید کے تحت ہمہ وقت انٹریز کو درست کرتے ہوئے اکاؤنٹ ہولڈر کو بغیر کسی پیشگی نوٹس کے رقم ڈیبٹ/منہا کرے گا اور بعد میں صارف کو مطلع کرے گا۔ بینک اس غلطی یا ایڈجسٹمنٹ کے نتیجے میں ہونے والے کسی نقصان وغیرہ کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

10.3 Apart from the mandatory provision of Statement of Account (SoA), SoA may be provided by the Bank, subject to charges, as applicable under its Schedule of Bank Charges upon receipt of written request by the account holder only.

لازمی اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ فراہم کرنے کے موقع کے علاوہ اسٹیٹمنٹ صرف اکاؤنٹ ہولڈر کی تحریری درخواست پر بینک کے شیڈول آف بینک چارجز کی ادائیگی پر فراہم کی جاسکتی ہے۔

10.4 The 'e-statement' means the statement of account sent through e-mail at the designated e-mail address provided/registered by the account holder.

ای-اسٹیٹمنٹ سے مراد ایسی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ جو ای-میل کے ذریعے سے اکاؤنٹ ہولڈر کے رجسٹرڈ/فراہم کئے گئے ایڈریس پر ارسال کی جائے۔

10.5 The Customer will provide his/her e-mail address to the Bank for receiving e-statement, notices and / or regulatory information (designated e-mail address). Where the Customer requires the Bank to send the Statement of Account or any other document to him/her by e-mail, he/she assumes full responsibility in respect thereof and the Bank shall not be responsible or liable if it is accessed, forged or corrupted by any third party or unauthorised person or garbled during transmission.

ای-اسٹیٹمنٹ، نوٹسز اور/یا ریگولیٹری معلومات کی وصولی کے لئے صارف کو اپنا ای-میل ایڈریس فراہم کرنا ہوگا (نامزد کردہ ای-میل ایڈریس) صارف بینک سے اپنی اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ یا دیگر دستاویزات بذریعہ ای-میل طلب کرنے کی صورت میں اس کا مکمل ذمہ دار ہوگا۔ اس پر کسی دیگر کی رسائی ہونے، جعلی ہونے یا کسی تھرڈ پارٹی یا غیر مجاز شخص کی طرف سے کرپٹ کئے جانے یا ٹرانسمیشن کے درمیان خرابی کی صورت میں بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔

10.6 In case of the account holder, at his/her request, being registered for e-statement, the Bank shall discontinue sending the mandatory Statement of Account via post/courier and provide the e-statement facility as per the frequency indicated.

اکاؤنٹ ہولڈر ہونے کی صورت میں اس کا/کی درخواست پر جس کا اندراج ای-اسٹیٹمنٹ کے لئے کیا جاچکا ہو بینک اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی ترسیل بذریعہ پوسٹ/کوریئر معطل کردے گا اور بتائی گئی مدت کے مطابق ای-اسٹیٹمنٹ کی سہولت فراہم کرے گا۔

10.7 The Bank does not guarantee that integrity of the e-mail has been maintained and that communication will be free of viruses, interceptions or interference. Although the Bank will take reasonable precautions to ensure that no viruses will be present in the e-mail, the bank cannot accept the responsibility for any loss and damages arising from any use of the e-mail or attachments.

بینک اس بات کی یقین دہانی نہیں کرواسکتا کہ ای-میل کی سالمیت کو برقرار رکھا جائے گا اور یہ کمیونیکیشن، وائرس، انٹر سیپشن یا مداخلت کے بغیر ہوگی۔ تاہم بینک اس بابت مکمل احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے ای-میل کو وائرس سے پاک بنانے کو یقینی بنائے گا۔ بینک کسی ای-میل یا اٹیچمنٹ کے استعمال سے ہونے والے نقصان کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

10.8 The Customer shall advise the Bank in writing, in case change in e-mail address or discontinuation of e-statement is required. In the absence of such advice, the Bank holds no responsibility of whatsoever nature.

اگر ای-میل ایڈریس میں تبدیلی یا ای-اسٹیٹمنٹ کی بندش درکار ہو تو صارف تحریری طور پر بینک کو آگاہ کرے گا۔ ایسی اطلاع نہ دینے کی صورت میں بینک کسی بھی صورتِ حال کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

10.9 The Bank shall not be liable for improper, incomplete or non-delivery of e-statement or any other document in case e-mail is returned due to e-mail attachment policy at account holder's end or inactivated e-mail account etc. Furthermore, the Bank shall not be liable for any loss or damage resulting to the Customer on account of any delay, inaccurate or incorrect transmission or unauthorised access to the e-statement services.

اکاؤنٹ ہولڈر ای-میل اٹیچمنٹ پالیسی یا ای-میل اکاؤنٹ کے غیر فعال ہونے کی بنا پر ای-میل واپس ہونے کی صورت میں بینک ای-اسٹیٹمنٹ کی غلط نامکمل ترسیل یا ترسیل نہ ہونے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ صارف کو کسی تاخیر، مبہم، یا غلط ٹرانسمیشن یا ای-اسٹیٹمنٹ سروس تک کسی غیر مجاز رسائی کی وجہ سے ہونے والے کسی نقصان یا ہرجانے کی بابت بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا۔

10.10 The Customer shall use the e-statement or its printed version as information for his/her personal record and shall not submit this for any legal requirement or for submission to visa granting authorities or admission Statement of Account from branch.

صارف ای-اسٹیٹمنٹ یا اس کی مطبوعہ کاپی کو اپنے ذاتی ریکارڈ کے لئے معلومات کے طور پر استعمال کرے گا اور اسے کسی قانونی مقصد کے لئے یا ویزا جاری کرنے والی مجاز اتھارٹی کے روبرو پیش کرنے یا داخلے کے حصول کے لئے بینک کی طرف سے جاری کردہ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کے طور پر استعمال نہیں کرے گا۔

10.11 The Bank at its discretion may impose additional conditions prior to acceptance of e-statement issuance request or activating its issuance. The Bank reserves the right to temporarily suspend the facility as deemed necessary.

بینک اپنی صوابدید کے تحت کسی ای-اسٹیٹمنٹ کی بابت درخواست کی منظوری یا اسکے اجراء سے قبل پر اضافی شرائط عائد کرسکتا ہے۔ اگر بینک ضروری سمجھے تو سہولت کو عارضی طور پر معطل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

10.12 The Customer hereby unconditionally agrees to accept the e-statement sent to the designated e-mail address. Any errors or exception noted in the e-statement shall be reported to the Bank within 45 days on receipt of e-statement, otherwise the same shall be considered as correct.

صارف بذریعہ ہذا غیر مشروط طور پر نامزد کردہ ای-میل ایڈریس پر ای-اسٹیٹمنٹ کی وصولی کو قبول کرتا ہے۔ ای-اسٹیٹمنٹ میں کسی غلطی یا اعتراض کی صورت میں ای اسٹیٹمنٹ وصول کرنے کے 45 دن کے اندر بینک کو مطلع کرنا ہوگا، بصورت دیگر اس کو درست تصور کیا جائے گا۔

## 11. Transaction Alerts — ٹرانزیکشن الرٹس

### 11-A Alerts through Email & other Modes — ای میل اور دیگر ذرائع سے الرٹس

11-A.1 "Account Information" means information pertaining to the Account(s), including information on all transactions and activities carried out on the Account(s) maintained by the Customer with the Bank.

"اکاؤنٹ کی معلومات" سے مراد اکاؤنٹ/اکاؤنٹس سے متعلق معلومات ہیں، بشمول وہ تمام ٹرانزیکشنز اور سرگرمیاں جو صارف کے بینک کے ساتھ رکھے گئے اکاؤنٹ/اکاؤنٹس میں کی جاتی ہیں۔

11-A.2 "Alerts" means the Account Information provided by Bank to the Customer through the Customer's email address, in-app notifications and/or mobile phone (based on SMS) generated and sent to the Customer by Bank.

"الرٹس" سے مراد وہ اکاؤنٹ کی معلومات ہیں جو بینک کی طرف سے صارف کو اس کے ای-میل ایڈریس، ان-ایپ نوٹیفیکیشنز اور/یا موبائل فون (ایس ایم ایس کی بنیاد پر) کے ذریعے بھیجی جاتی ہیں۔

11.A.3 The Bank shall have the right to send Alerts/Account information pertaining to all transactions carried out by the Customer from time to time on the Customer's account(s), at the email address, in-app notification or SMS (where applicable). The email address provided by the Customer to the Bank at the time of account opening or any email address subsequently amended through any banking channel on advice of the Customer and/or as available in Bank's record, shall at all times be the "designated email address" for all transactions carried out by the Customer in his/her account(s).

بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ صارف کے اکاؤنٹ/اکاؤنٹس سے وقتاً فوقتاً کی جانے والی تمام ٹرانزیکشنز سے متعلق الرٹس/اکاؤنٹ کی معلومات صارف کے ای-میل ایڈریس، ان-ایپ نوٹیفیکیشن یا ایس ایم ایس (جہاں قابل اطلاق ہو) پر بھیجے۔ اکاؤنٹ کھولتے وقت صارف کی طرف سے بینک کو فراہم کردہ ای-میل ایڈریس یا کوئی بھی ای-میل ایڈریس جو بعد میں صارف کے مشورے پر کسی بینکنگ چینل کے ذریعے تبدیل کیا گیا ہو اور/یا جو بینک کے ریکارڈ میں دستیاب ہو، وہ تمام ٹرانزیکشنز کے لیے ہمیشہ "مخصوص ای میل ایڈریس" سمجھا جائے گا جو صارف اپنے اکاؤنٹ/اکاؤنٹس میں کرتا ہے۔

11-A.4 (i) The "designated email address" provided by the Customer in Alfa app shall only be used for sending the Alerts/Account information by the Bank where the Customer did not provide any email address at the time of account opening."

اگر صارف نے اکاؤنٹ کھولتے وقت اپنا ای-میل ایڈریس فراہم نہیں کیا تو صرف تبھی الفا ایپ میں صارف کی طرف سے فراہم کردہ "مخصوص ای میل ایڈریس" بینک کی طرف سے الرٹس/اکاؤنٹ کی معلومات بھیجنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

11-A.4 (ii) In addition to the email address given by the Customer at the time of account opening which is already registered in the Bank as the "designated email address" for sending the Alerts/Account information (as per the T&Cs), the email address given by the customer in Alfa app shall also be used by the Bank as "designated email address" for sending the Alerts/Account information, whether same or different to the email address provided by the customer at the time of account opening.

اکاؤنٹ کھولتے وقت صارف کی جانب سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس کے علاوہ جو پہلے ہی بینک میں الرٹس/اکاؤنٹ کی معلومات بھیجنے کے لیے "مخصوص ای میل ایڈریس" کے طور پر رجسٹرڈ ہے (شرائط و ضوابط کے مطابق)، صارف کی طرف سے الفا ایپ میں فراہم کردہ ای میل ایڈریس کو بھی بینک الرٹس/اکاؤنٹ کی معلومات بھیجنے کے لیے "مخصوص ای میل ایڈریس" کے طور پر استعمال کرے گا، خواہ یہ وہی ای میل ایڈریس ہو یا اکاؤنٹ کھولتے وقت صارف کی طرف سے فراہم کردہ ای میل ایڈریس سے مختلف ہو۔

11-A.5 The Customer hereby agrees that all Alerts and Account information sent to the Customer by the Bank in terms hereof at the said "designated email address" shall be deemed to be received and accepted by the Customer.

صارف اس بات سے اتفاق کرتا ہے کہ بینک کی طرف سے ان شرائط کے مطابق مذکورہ "مخصوص ای میل ایڈریس" پر بھیجے گئے تمام الرٹس اور اکاؤنٹ کی معلومات صارف کی طرف سے وصول شدہ اور قبول شدہ سمجھی جائیں گی۔

## 11-B SMS Alert Facility — ایس ایم ایس الرٹ کی سہولت

11-B.1 The Customer hereby subscribes to the SMS alert facility of the Bank whereby the Customer shall receive Short Messaging Service alerts (SMS) on the Customer's authorised mobile number in the form of customised messages. The Customer shall not be able to undertake any transaction through the SMS alert facility. The SMS alerts shall only be sent to the mobile phone number which has been specifically provided by the Customer for the purposes of these clauses (authorised mobile number).

صارف بینک کی طرف سے دی جانے والی ایس ایم ایس الرٹ سہولت استعمال کرے گا۔ جس کے ذریعے سے صارف کو اس کے مجوزہ موبائل نمبر پر ایس ایم ایس الرٹ سروس کے ذریعے سے مختصر پیغام موصول ہوگا۔ صارف ایس ایم ایس الرٹ سہولت کے ذریعے کوئی ٹرانزیکشن نہیں کر سکے گا۔ ایس ایم ایس الرٹ صرف صارف کی طرف سے درج مقصد کے لیے فراہم کئے گئے موبائل فون نمبر پر ارسال کیا جائے گا (مجوزہ موبائل نمبر)۔

11-B.2 As required by the State Bank of Pakistan, the cutomers get subscribed to receive free SMS Alerts on their digital transactions, however, if the customer wishes to receive SMS Alerts on in-branch transactions and avail multi language facility, the customer may get subscribed to the changed service, against a service fee.

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ضرورت کے مطابق صارفین اپنے ڈیجیٹل لین دین پر مفت ایس ایم ایس الرٹس حاصل کرنے کے لیے سبسکرائب کرتے ہیں تاہم اگر صارف برانچ کے اندر لین دین پر ایس ایم ایس الرٹ حاصل کرنا اور کثیر زبان کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہے، تو صارف سروس فیس دے کر تبدیل شدہ سروس سبسکرائب کر سکتا ہے۔

11-B.3 If the Customer suspects that there is an error in the information contained in the SMS alert sent to him/her, he/she shall inform the same to the Bank/branch as soon as possible and the Bank/branch shall endeavour to correct the error, wherever possible on a best effort basis.

اگر صارف کو شک ہو کہ اسے ایس ایم ایس الرٹ کے ذریعے سے فراہم کی جانے والی معلومات میں غلطی ہے تو وہ بینک/برانچ کو جتنا جلدی ممکن ہو اس کی اطلاع کرے گا اور بینک/برانچ پر ممکن طریقے سے اس غلطی کو درست کرنے کی کوشش کرے گا۔

11-B.4 The Customer agrees that SMS alert facility provided to the Customer is an additional facility for his/her convenience and is susceptible to delay, error, omission and/or inaccuracy. The Customer further acknowledges and accepts that the SMS facility provided by the Bank is dependent on the infrastructure, connectivity and services provided by cellular service provider, over which the Bank has no control and that the timelines and accuracy of the information will depend on factors affecting the network of the cellular service provider. The Customer shall not hold the Bank liable for any loss, damage, etc., that may be incurred/suffered by the Customer on account of the SMS alert facility.

صارف اس سے متفق ہے کہ ایس ایم ایس الرٹ کی سہولت صارف کو ایک اضافی سہولت کے طور پر دی گئی ہے اور اس میں تاخیر، غلطی اور نامکمل ہونے کا امکان ہے۔ صارف اس بات کی تائید کرتا ہے اور تسلیم کرتا ہے کہ بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی ایس ایم ایس سروس کا دارومدار انفراسٹرکچر، رابطہ اور سیلولر سروس پروائیڈر کی طرف سے سروسز کی فراہمی پر ہے، جس پر بینک کا کوئی کنٹرول نہیں ہے اور ٹائم لائن اور معلومات کی درستگی کا انحصار سیلولر سروس پروائیڈر کے نیٹ ورک پر اثر انداز ہونے والے عوامل پر ہے۔ صارف ایس ایم ایس الرٹ کی سہولت کی بناء پر ہونے والے کسی نقصان، ہرجانے وغیرہ کے لئے بینک کو ذمہ دار نہیں ٹھہرائے گا۔

11-B.5 The Bank shall not be liable for any unauthorised use/access to the information and/or SMS alerts sent by the Bank to the mobile phone number of the Customer or for the fraudulent duplicate or erroneous use/misuse of such information by any third person.

بینک کسی غیر مجاز استعمال/معلومات تک رسائی اور/یا صارف کے موبائل نمبر پر بینک کی طرف سے صارف کو ارسال کئے جانے والے ایس ایم ایس الرٹ یا دھوکے پر مبنی نقل یا کسی تیسری پارٹی کی طرف سے ایسی معلومات کے غلط استعمال کے لئے ذمہ دار نہیں ہوگا۔

11-B.6 Notwithstanding the above, it is clarified that even though the Customer has hereby subscribed to the SMS alert facility, the Bank is under no obligation to send SMS alerts to the Customer. Furthermore, the Bank reserves the right to send the SMS alerts to only those Customers who are availing the services of a specific cellular service provider.

اوپر دی گئی شرائط کے باوجود یہ واضح کیا جاتا ہے کہ صارف کے ایس ایم ایس الرٹ سہولت کے صارف ہونے کے باوجود بینک صارف کو ایس ایم ایس الرٹس ارسال کرنے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ مزید براں بینک صرف ایسے صارف کو جو مجوزہ/مخصوص سیلولر سروس فراہم کرنے والے کی سروسز استعمال کر رہا ہو کو ایس ایم ایس الرٹ ارسال کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

11-B.7 The Customer hereby authorises the Bank to send promotional messages, including the products of the Bank, greetings or any other messages the Bank may choose to send from time to time. The Customer agrees unconditionally and irrevocably that such messages/calls made by the Bank or its agents will not be considered as a breach of privacy.

صارف بینک کو اختیار دیتا ہے کہ بینک اپنے کاروبار کے فروغ سے متعلق پیغامات بشمول بینک کی طرف سے متعارف کروائے جانے والے پروڈکٹ، خوشی کے پیغامات یا ایسے دیگر پیغامات بینک وقتاً فوقتاً اپنی مرضی سے منتخب کر کے ارسال کر سکتا ہے۔ صارف غیر مشروط اور ناقابل تنسیخ اقرار کرتا ہے کہ بینک یا اس کے ایجنٹ کی طرف سے ایسے پیغامات/کالز اس کے نجی/ذاتی معاملات/معلومات میں مداخلت تصور نہیں کیے جائیں گے۔

11-B.8 Pull SMS: Pull SMS (Branch Customers): Through Pull SMS service, SMS banking customer can check their account balance and Mini Statement by sending a pre-defined text to 8287 (network charges may apply). This service is only applicable to Pakistan numbers. Customers can also recharge/ pay the bill of their registered mobile number by sending a pre-defined text to 8287, Through this feature, the customers can pay the bill of registered mobile number against their account (this service shall be subject to charges as per Schedule of Charges of the bank).

Pullایس ایم ایس: Pullایس ایم ایس (برانچ کسٹمرز): Pull ایس ایم ایس سروس کے ذریعے کسٹمر پہلے سے مقرر کردہ ایس ایم ایس 8287 پر بھیج کر اپنا اکاؤنٹ بیلنس معلوم اور منی اسٹیٹمنٹ حاصل کر سکتے ہیں (نیٹ ورک چارجز لاگو ہوں گے)۔ یہ سروس صرف پاکستانی موبائل فون نمبروں کے لیے ہے۔ کسٹمر 8287 پر پہلے سے مقررہ ایس ایم ایس بھیج کر اپنے رجسٹرڈ موبائل نمبر کا بل بھی ادا کر سکتے ہیں اور ریچارج بھی کر سکتے ہیں۔ اس سہولت کے ذریعے کسٹمر اپنے اکاؤنٹ سے اپنے رجسٹرڈ موبائل نمبر کے بل کی کٹوتی بھی کرا سکتے ہیں (اس سروس پر شیڈول آف چارجز کے مطابق چارجز لاگو ہوں گے)۔

11-B.9 International SMS: If Customer wishes to avail SMS Banking on international numbers, the Customer is required to visit their parent branch, fill the form with their international number (in ICC format: +9715xxxxxxx) and submit the same to the parent branch of the Bank. Such Customers may receive SMS Banking from senders other than 8287, Customer is also required to visit the parent branch, fill the form and submit to the branch for updating his/her number when she/he wishes to update his local (i.e. Pakistan number) (this Service shall be subject to charges as per Schedule of Charges of Bank).

بین الاقوامی ایس ایم ایس: اگر صارف بین الاقوامی نمبروں پر ایس ایم ایس بینکنگ کا فائدہ اٹھانا چاہتا ہے تو صارف کو اپنی پیرنٹ برانچ میں جانا ہوگا، اپنے بین الاقوامی نمبر (آئی سی سی فارمیٹ میں +9715xxxxxxx) کے ساتھ فارم پر کریں اور اسے بینک کی پیرنٹ برانچ میں جمع کرائیں۔ ایسے صارفین 8287 کے علاوہ دوسرے بھیجنے والوں سے ایس ایم ایس بینکنگ حاصل کر سکتے ہیں۔ صارفین کو چاہیے کہ وہ پیرنٹ برانچ میں جائیں، فارم پر کریں اور اپنا نمبر اپ ڈیٹ کرنے کے لیے برانچ میں جمع کرائیں جب وہ اپنا مقامی (یعنی پاکستان نمبر) اپ ڈیٹ کرنا چاہیں۔ (یہ سروس بینک کے چارجز کے شیڈول کے مطابق چارجز سے مشروط ہوگی)۔

11-B.10 Multi-language: Customer can also avail SMS Banking in language other than English by filling out a form mentioning their preferred language to receive transactional SMS Banking or by contacting the call centre of the Bank and requesting the same in writing to the parent branch (this Service shall be subject to charges as per Schedule of Charges of the Bank and availability of the Language). Currently, this service is only available to branch banking customer.

کثیر زبان صارف لین دین کے لیے ایس ایم ایس بینکنگ حاصل کرنے کے لیے اپنی ترجیحی زبان کا ذکر کرنے والے فارم کو پر کر کے یا بینک کے کال سینٹر سے رابطہ کر کے اور پیرنٹ برانچ سے تحریری طور پر اس کی درخواست کر کے انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں بھی ایس ایم ایس بینکنگ حاصل کر سکتا ہے (یہ سروس بینک کے چارجز کے شیڈول اور زبان کی دستیابی کے مطابق چارجز سے مشروط ہوگی)، فی الحال یہ سروس صرف برانچ بینکنگ صارفین کے لیے دستیاب ہے۔

## 12. Digital Banking ڈیجیٹل بینکنگ

12.1 The Bank provides customers with access to account information and selected banking services through its Mobile Application / Internet Banking. Services available may include balance inquiry, fund transfers, bill payments, utility payments, mobile top-ups, and other features as notified by the Bank from time to time.

بینک اپنے صارفین کو موبائل ایپلیکیشن/انٹرنیٹ بینکنگ کے ذریعے اکاؤنٹ کی معلومات اور منتخب شدہ بینکنگ خدمات تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ دستیاب خدمات میں بیلنس معلوم کرنا، فنڈ ٹرانسفر، بل کی ادائیگی، یوٹیلیٹی پیمنٹس، موبائل ٹاپ اپس اور دیگر خصوصیات شامل ہو سکتی ہیں جو بینک وقتاً فوقتاً مطلع کرتا رہے گا۔

12.2 Where the Bank provides Online/Internet Banking facility to the Customer, the Customer shall solely be responsible to ensure that the Personal Identification Number (PIN), and other personal information/password /username/transaction pin (TPIN) are not disclosed to any other person or third party. The Bank shall not be liable for any loss, damage or expenses incurred by the Customer, howsoever, caused if the PIN is shared by the customer with any other person whether voluntarily or accidentally.

جہاں بینک صارف کو آن لائن انٹرنیٹ بینکنگ کی سہولت مہیا کرے گا تو صارف اس امر کو یقینی بنائے گا کہ وہ اپنا پن نمبر (ذاتی شناختی نمبر) اور دوسری ذاتی معلومات/پاس ورڈ/یوزر کا نام/ٹرانزیکشن پن (TPIN) کسی دوسرے شخص یا تیسری پارٹی پر عیاں نہیں کرے گا۔ بینک اس ضمن میں صارف کو ہونے والے کسی قسم کے نقصان، ہرجانے یا خرچے کا ذمہ دار نہ ہوگا۔ اگرچہ صارف نے اپنا پن اپنے ارادے سے یا حادثاتی طور پر کسی دوسرے شخص سے شیئر کیا ہو۔

12.3 In case of joint account, if the instructions are given by a person who is singly authorised to operate the account and the correct PIN and other personal information are given, such instructions shall be fully binding on the Customer.

جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ایسا شخص جو اکاؤنٹ کو انفرادی طور پر چلانے کا مجاز ہو کی طرف سے درست پن نمبر اور دوسری ذاتی معلومات کے ساتھ دی گئی ہدایات کی صارف کو لازمی پابندی کرنا ہوگی۔

12.4 All records of the Bank in relation to any Online Banking transactions/instructions, shall be conclusive evidence of any instructions given and shall be fully binding on the Customer.

بینک کے تمام ریکارڈز جو کسی بھی آن لائن بینکنگ کے لین دین/ہدایات سے متعلق ہوں، کسی بھی دی گئی ہدایت کے قطعی ثبوت کے طور پر شمار کیے جائیں گے اور یہ مکمل طور پر صارف پر لازم ہوں گے۔

12.5 The Customer acknowledges that online banking involves inherent risks including risks associated with fraud and unintended or erroneous instructions. The Customer hereby accepts all risks and responsibilities appurtenant therewith. The bank may suspend or close Online/Internet Banking facility if misuse, fraud, or regulatory violations occur.

صارف اس بات کی تائید کرتا ہے کہ آن لائن بینکنگ میں بنیادی طور پر خطرات بشمول فراڈ اور غیر ارادی یا غلط ہدایات کے خطرات بھی شامل ہیں۔ صارف اس قسم کے تمام خطرات اور ذمہ داریوں کو قبول کرتا ہے۔ اگر کسی بھی طرح کے غلط استعمال، دھوکہ دہی، یا ضابطہ جاتی خلاف ورزی کا پتہ چلے تو بینک آن لائن/انٹرنیٹ بینکنگ کی سہولت کو معطل یا بند کر سکتا ہے۔

12.6 The Bank shall not in any manner, whatsoever, be responsible for any loss or damage caused to the Customer or any third party for any reason whatsoever, including but not limited to, any delay or non-performance or breakdown in the communication system.

بینک کسی بھی صورت میں صارف کو یا تیسری پارٹی کو ہونے والے نقصان یا ہرجانے خواہ وہ کسی وجہ سے ہو کا ذمہ دار نہ ہوگا (بشمول لیکن اس تک محدود نہیں) کہ نقصان کا سبب تاخیر یا کارکردگی کی خرابی یا کمیونیکیشن سسٹم میں خرابی ہو۔

12.7 The bank shall not in any circumstances be bound to contact the account holder to confirm any transaction carried out in connection with the online banking services.

بینک کسی صارف سے کسی آن لائن بینکنگ سروسز کے تحت کی جانے والی ٹرانزیکشن کی تکمیل کی تصدیق کے لئے رابطہ کرنے کا کسی حالت میں پابند نہیں ہوگا۔

12.8 The Bank shall have no obligation to verify the authenticity of any transaction other than the Customer's Login credentials and neither the Bank nor its officers or Affiliates shall be liable for any unauthorized transactions occurring through Internet Banking or the Alfa App after using successful login credentials.

بینک پر کسی بھی لین دین کی صداقت کی تصدیق کرنے کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی سوائے صارف کے لاگ ان اسناد کے اور نہ تو بینک اور نہ ہی اس کے افسران یا متعلقہ ادارے انٹرنیٹ بینکنگ یا الفا ایپ کے ذریعے کامیاب لاگ ان اسناد استعمال کرنے کے بعد ہونے والے کسی بھی غیر مجاز لین دین کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔

## 13. Closure of Account — اکاؤنٹ کی بندش

13.1 The Bank reserves the right to close the account by giving 14 days' notice. Upon closure of the account, the unused cheque(s) in possession of the account holder shall stand cancelled in the bank record.

بینک 14 دن کا نوٹس دے کر اکاؤنٹ بند کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اکاؤنٹ کی بندش پر اکاؤنٹ ہولڈر کے پاس موجود غیر استعمال شدہ چیک بینک ریکارڈ میں منسوخ تصور کئے جائیں گے۔

13.2 The Bank in its sole discretion may also close those accounts which show nil/low balance for last six months or any account which in its opinion is not satisfactorily operated or for any other reason whatsoever, it shall not be incumbent on the Bank to disclose to the account holder the reason for doing so.

بینک اپنی صوابدید کے تحت ایسا اکاؤنٹ جس میں گذشتہ 6 ماہ سے بیلنس کم/یا نہ ہونے کی صورت میں جو بینک کی رائے میں مناسب طریقے سے نہ چلایا جا رہا ہو یا خواہ دیگر کوئی بھی وجوہات ہوں کی بناء پر بند کر سکتا ہے اور یہ بینک پر لازم نہ ہوگا کہ وہ ایسا کرنے کی وجوہات اکاؤنٹ ہولڈر کو بتائے۔

13.3 The Bank shall stand discharged of any/all its liability with respect to an account so closed by mailing to the account holder at his/her last known address as per the Bank's record, a Banker Cheque/Bank draft in the currency of such account, payable to the order of the account holder in the amount of then credit balance of such account less deduction(s) in respect of the amount of any claim that the Bank may have on such funds constituting the credit balance.

بینک مندرجہ بالا کسی طریقے سے بند کئے گئے اکاؤنٹ کی بابت اپنی کسی ایک یا تمام ذمہ داری سے بری الذمہ تصور ہوگا، اگر بینک اکاؤنٹ ہولڈر کے بینک ریکارڈ میں دیئے ہوئے آخری ایڈریس پر اس اکاؤنٹ میں موجود کریڈٹ بیلنس سے اس فنڈ/بیلنس پر بینک کے کسی واجب الادا کلیم کی رقم منہا کرنے کے بعد اس اکاؤنٹ کی کرنسی میں ایک بینکر چیک/بینک ڈرافٹ بنام اکاؤنٹ ہولڈر بنا کر میل کردے۔

13.4 The account holder wishing to close the account must surrender cheque(s) duly cancelled by drawing two 'horizontal lines' upon each of them, Debit/ATM Card(s) etc., if any.

ایسا اکاؤنٹ ہولڈر جو اپنا اکاؤنٹ بند کروانا چاہتا ہو لازمی طور پر تمام چیکس کو دو باقاعدہ متوازی لائنز کے ذریعے سے منسوخ کرے اور اے ٹی ایم کارڈ، ڈیبٹ کارڈ وغیرہ اگر کوئی ہوں تو بینک کو واپس کرے۔

13.5 The Bank reserves the right to terminate/exit a relationship with the customer if the customer's behavior at any time is unacceptable, abusive, threatening and/or amounts to harassment, as per the applicable policy of the Bank (as may be amended from time to time).

بینک کو اس بات کا اختیار حاصل ہے کہ اگر کسی صارف کا رویہ ناقابل قبول، توہین آمیز، دھمکی آمیز یا ہراساں کرنے والا ہوگا تو وہ بینک کی نافذ العمل پالیسی (جس میں وقتاً فوقتاً تبدیلی ہوتی ہے) کے مطابق ایسے صارف کے ساتھ تمام بینکنگ تعلقات کو ختم کر سکتا ہے۔

13.6 On termination of a contract, either at your request or otherwise, related to this Account, the bank shall confirm / intimate within 2 working days to you of executing the termination / closure of account.

اکاؤنٹ سے متعلق معاہدہ ختم ہونے کی صورت میں، چاہے یہ آپ کی درخواست پر ہو یا کسی اور وجہ سے، بینک اکاؤنٹ کی تنسیخ/بندش پر عمل درآمد کی تصدیق یا اطلاع آپ کو 2 کاروباری دنوں میں فراہم کرے گا۔

## 14. Stop Payment Instructions — اسٹاپ پیمنٹ ہدایات

14.1 The Bank may accept stop payment instruction from the Customer if a cheque is reported lost or stolen, provided the necessary details of the lost/stolen cheque are given by the Customer and the cheque is not already paid before receiving such instruction. Where the Customer verbally gives the stop payment instruction, he/she shall immediately send to the Bank written confirmation. The Customer agrees to fully indemnify the Bank against any loss, damages, claims, demands, costs and expenses (including legal expenses) arising or incurred as a result of acting on the Customer's stop payment instruction. However, in any case, bank is liable to observe due diligence in good faith. The Bank will not be liable for any loss or damage, if reported after the payment of such lost/misused cheques.

بینک کسی چیک کے گم یا چوری ہونے کی بناء پر اسٹاپ پیمنٹ کی ہدایات قبول کر سکتا ہے، اگر صارف سے گم یا چوری شدہ چیک کی ضروری معلومات بینک کو فراہم کی جائیں اور ایسے چیک پر اطلاع سے پہلے ادائیگی نہ ہوئی ہو۔ جہاں اسٹاپ پیمنٹ رکوانے کی ہدایات صارف کی طرف سے زبانی دی گئی ہوں تو صارف اسے فوراً تحریری طور پر آگاہ کرے گا۔ بینک کو صارف کی طرف سے دی گئی اسٹاپ پیمنٹ کی بابت ہدایات پر عمل درآمد کرنے کی صورت میں بینک کو ہونے والے نقصان، ہرجانے، کلیم، مطالبات اور اخراجات (بمعہ قانونی چارجز) کا مکمل ازالہ کرنے کا صارف اقرار کرتا ہے۔ بہر حال کسی بھی صورت میں بینک نیک نیتی سے مطلوبہ احتیاط کا ذمہ دار ہوگا۔ ایسے چیکس کے گم شدہ/غلط استعمال کے بعد اطلاع دینے کی صورت میں بینک کسی بھی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## 15. Death of a Customer — صارف کی وفات

15.1 In case of death of an individual/partnership Customer, the Bank will stop operation in the account immediately, after the receipt of official notice, or as and when becomes aware of it from any reliable source. Operation in such account shall only be allowed strictly only upon production of a succession certificate or other court order from a court of competent jurisdiction.

بینک صارف کی وفات ہونے کی بابت حسب ضابطہ نوٹس ملنے کے بعد یا کسی معتبر ذرائع سے اطلاع ملنے پر اکاؤنٹ آپریشن کو روک دے گا۔ اس اکاؤنٹ میں آپریشن بینک کی پالیسی کے مطابق/وراثت کے سرٹیفکیٹ یا مجاز عدالت کے جاری کردہ کورٹ آرڈر پیش کرنے پر کیا جا سکے گا۔

15.2 In case of operating instruction of either or survivor, in the event of the death of either of the account holder(s)/depositor(s), the credit balance in the account will be payable to the surviving account holder(s) by allowing to perform one transaction to withdraw the available balance and subsequently account to be closed, provided that branch has not received any notice of dispute. However, the same is subject to any change in prevalent laws, from time to time.

ایسے اکاؤنٹ جن کے آپریشن کے متعلق کسی ایک یا زندہ رہنے والے کی ہدایات ہوں تو کسی اکاؤنٹ ہولڈر/ڈپازٹر کی وفات کی صورت میں اکاؤنٹ میں موجود بیلنس زندہ رہنے والے اکاؤنٹ ہولڈر/ڈپازٹر کو قابل ادائیگی ہوگا۔ تاہم یہ لاگو قوانین میں ہونے والی وقتاً فوقتاً تبدیلی کے تابع ہوگا۔

## 16. Restriction on Creation of Security — سیکیورٹی ہونے پر پابندی

16.1 The amounts deposited or standing to the credit of an account cannot in anyway be assigned or charged to a third party by way of security. The Bank shall not be bound by any notice of assignment, or charge in favour of a third party. However, the Customer shall have the right to create a lien over or pledge his/her deposits in favour of the Bank or in favour of any other branch of the Bank to secure any finance, banking or credit facilities granted by the Bank or such other branch of the Bank to the Customer or to any other person at the Customer's request or against the Customer's guarantee.

اکاؤنٹ میں جمع شدہ رقم یا اکاؤنٹ میں کریڈٹ کی شکل میں موجود رقم کسی بھی صورت میں بطور سیکیورٹی کسی تیسری پارٹی کو نامزد یا چارج نہیں ہو سکتی۔ بینک کسی اسائنمنٹ نوٹس یا کسی تیسری پارٹی کے حق میں چارج کا پابند نہیں ہوگا۔ تاہم صارف کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ بینک یا اس کی کسی بھی دیگر شاخ کے حق میں اپنے ڈپازٹس پر کوئی تصرف یا وعدہ تخلیق کرلے تاکہ بینک یا صارف کے بینک کی ایسی دیگر برانچ یا صارف کی درخواست پر کسی دوسرے فرد یا صارف کی گارنٹی کے مقابل دی گئی کسی فنانس بینکنگ یا کریڈٹ سہولت کو محفوظ بنایا جائے۔

## 17. Charges and Expenses — چارجز اور اخراجات

17.1 All account holders/depositors will be charged fee/commission etc. as per prevalent Schedule of Bank Charges which is amendable, from time to time, as per the Bank's procedure and policies/SBP regulations.

جملہ اکاؤنٹ ہولڈرز/ڈپازٹرز سے حسب ضابطہ و پالیسی بینک/اسٹیٹ بینک ریگولیشن کے نافذ العمل شیڈول آف بینک چارجز جو وقتاً فوقتاً تبدیلی سے مشروط ہیں کے مطابق فیس/کمیشن وغیرہ وصول کیا جائے گا۔

17.2 The Bank reserves the right to debit the account for any expenses, fees, commission, Zakat, withholding tax, stamp duty, tax, duty or any other cost, charges or expenses arising out of any transactions or operation of the account or term deposit with the Bank as may be payable by the Bank and/or Provincial or Federal Government as may be levied from time to time, without prior notice to the account holder/depositor.

بینک اکاؤنٹ ہولڈر/ڈپازٹر کو پیشگی نوٹس دیئے بغیر اس کے اکاؤنٹ سے کسی بھی قسم کے اخراجات، فیس، کمیشن، زکوٰۃ، ودہولڈنگ ٹیکس، اسٹیمپ ڈیوٹی، ٹیکس، ڈیوٹی یا کوئی دیگر اخراجات، چارجز یا کسی ٹرانزیکشن سے متعلق اخراجات یا اکاؤنٹ آپریشن سے متعلق بینک کے ساتھ ٹرم ڈپازٹ قابل ادائیگی ہونے پر اور/یا صوبائی یا وفاقی حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً عائد ہونے والے ٹیکس/لیویز منہا کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

17.3 Moreover, the Bank shall also have a right to debit anyone or more account(s) of the account holder(s)/Customer(s) maintained with the Bank to adjust any and all of the outstanding liabilities of the account holder(s), the Customer(s) towards the Bank or any Government authority, if so required/directed, from time to time.

مزید براں بینک وقتاً فوقتاً، اکاؤنٹ ہولڈر/صارف کے بینک کے ساتھ کسی ایک یا اس سے زیادہ اکاؤنٹس سے اکاؤنٹ ہولڈر/صارف کے ذمہ بینک کے کوئی یا تمام قابلِ ادائیگی واجبات کی وصولی کے لئے یا گورنمنٹ کی کسی اتھارٹی کی ہدایت کے تابع ڈیبٹ کرنے کا بھی حق دار ہوگا۔

## 18. Indemnity or Liability — ازالہ یا ذمہ داری

18.1 The Bank shall endeavour to provide error free operation of the account and services to the Customer. However, notwithstanding the same, Customer agrees that the Bank or any of its employees, agents shall not be liable for any loss, damages and liabilities incurred, suffered, sustained or required to be paid arising out of the following.

بینک صارف کو غلطی سے پاک اکاؤنٹ آپریشن اور سروسز فراہم کرنے کی مکمل کوشش کرے گا۔ تاہم صارف اس کے باوجود اس امر کا اقرار کرتا ہے کہ بینک یا اس کا کوئی ملازم، ایجنٹ کسی بھی قسم کے نقصان، ہرجانے اور اخراجات سامنے آنے، پیدا ہو جانے، منتقل ہو جانے اور مطلوب ہونے پر صارف کو درج ذیل کی ادائیگی کرنا ہوگی۔

i. Bank acting upon the Customer's verbal instructions for stop payment which the Customer failed to confirm subsequently in writing, or any other instruction.

صارف کی زبانی ہدایات کی بابت اسٹاپ پیمنٹ جس کو بعد میں صارف تحریری طور پر کنفرم کرنے میں ناکام رہا، پر عمل درآمد کرتے ہوئے بینک نے کسی تحریری یا دیگر ہدایات پر عمل کیا ہو۔

ii. Any action taken by the Bank relying upon the instructions of the Customer, which later on turns out to be duplicate or erroneous.

بینک کی طرف سے صارف کی ایسی ہدایات جو بعد میں غلط یا نقلی ثابت ہوئی ہوں پر عمل درآمد کرتے ہوئے۔

iii. For any instruction not complied with due reasons beyond Bank's control or due to disruption or failure in any communication or electronic transmission facility and the Customer agrees to indemnify the Bank for any loss actually suffered or expenses actually incurred by the Bank for the same.

ایسی ہدایات جن پر عملدرآمد بینک کے اختیار میں نہ ہونے کی وجہ سے یا کسی تعطل، کمیونیکیشن یا الیکٹرانک ٹرانسمیشن سہولت کے فیل/ناکارہ ہونے کی وجہ سے نہ ہو سکا اور صارف اس بابت بینک کو ہونے والے کسی ایسے نقصان، اخراجات جو کہ بینک کو برداشت کرنا پڑے کی بابت بینک کا ازالہ کرنے کا پابند ہوگا۔

## 19. Customer's Covenants, Warranties and Representations — صارف کا معاہدہ، وارنٹی اور یادداشت

19.1 The Bank shall be bound by any/all instructions issued by the Customer or purporting on their face to have been issued by the Customer and accepted by the Bank.

صارف اپنی طرف سے جاری کردہ تمام ہدایات یا جن سے بظاہر معلوم ہوا کہ یہ صارف کی طرف سے جاری شدہ ہیں تصور کرتے ہوئے بینک نے انہیں قبول کیا، کا پابند ہوگا۔

19.2 Instructions shall be deemed irrevocable and binding on the Customer upon transmission by the Customer to the Bank.

بینک کو ہدایات جاری کرنے پر صارف ان ہدایات کا پابند ہوگا اور یہ ہدایات صارف کے لئے ناقابل تنسیخ ہوں گی۔

19.3 The Customer shall be solely responsible for ensuring the accuracy and completeness of Customer instructions. The Bank shall not be responsible for the consequences of any instructions being incomplete, garbled or inaccurate.

صارف کی طرف سے جاری ہونے والی ہدایات کے صحیح اور مکمل ہونے کی ذمہ داری صرف صارف پر عائد ہوگی۔ بینک صارف کی نامکمل، مبہم یا درست نہ ہونے والی ہدایات کے نتائج کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

19.4 The Customer understands that the Bank may outsource its certain functions to any third party(ies) for the provision of efficient services. The Customer hereby authorises the Bank to release Customer's name, account number and/or his/her any other personal/account related information to any third party engaged for the purposes of providing services to the Bank, including, but not limited to, mailing, verification of address, collection of cheques/instruments, etc. The Customer hereby agrees to indemnify the Bank against any losses or damages that might be incurred beyond reasonable care of the Bank to ensure integrity and confidentiality of the Customer data.

صارف جانتا ہے کہ بینک مؤثر سروسز کی فراہمی کیلئے کچھ فنکشنز تھرڈ پارٹی کے حوالے کر سکتا ہے۔ صارف بذریعہ ہذا بینک کو اختیار دیتا ہے کہ وہ صارف کا نام، اکاؤنٹ نمبر اور یا اس کی دوسری کوئی ذاتی /اکاؤنٹ سے متعلق معلومات تھرڈ پارٹی کو دے تاکہ وہ بینک کو سروسز، بشمول لیکن محدود نہیں اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی چھپائی، ان کی ترسیل، پتے کی تصدیق، چیک/انسٹرومنٹ کی کلیکشن وغیرہ کی فراہمی کو ممکن بنائے۔ صارف بذریعہ ہذا بینک کی جانب سے صارف کے ڈیٹا کی درستی اور رازداری کو یقینی بنانے کے سلسلے میں مناسب دیکھ بھال کے باوجود کسی بھی قسم کے نقصان کی صورت میں بینک کو اس کی ذمہ داری سے مستثنیٰ قرار دیتا ہے۔

19.5 Subject to applicable laws including Foreign Account Tax Compliance Act (FATCA) and Common Reporting Standards (CRS) , the customer hereby consents for Bank Alfalah Limited or any of its affiliates, subsidiaries (including branches) (collectively "the Bank") to share their information directly or indirectly with domestic or overseas regulators or tax authorities or its agents where necessary/applicable to establish their tax liability in any jurisdiction or any other authority or jurisdiction as deemed necessary by the bank of whatever nature . Where required by directly or indirectly domestic or overseas regulators or tax authorities, the customer consents and agrees that the Bank may withhold from my/our account(s) such amounts as may be required according to applicable laws, regulations and directives.

لاگو قوانین بشمول فارن اکاؤنٹ ٹیکس کمپلائنس ایکٹ (FATCA) اور کامن رپورٹنگ اسٹینڈرڈز (CRS) سے مشروط، کسٹمر بینک الفلاح لمیٹڈ یا اس کے کسی متعلقہ ادارے، ذیلی ادارے (بشمول برانچیں) (جنہیں مشترکہ طور پر بینک کہا جائے گا) کو اپنی بلواسطہ یا بلاواسطہ معلومات کا کسی بھی مقامی یا بین الاقوامی یا کسی بھی دیگر اتھارٹی یا دائرہ اختیار کے تحت، جیسا کہ بینک اپنی صوابدید پر کسی بھی نوعیت کے لیے ضروری سمجھے نگران یا ٹیکس اتھارٹیز یا اُس کے ایجنٹ سے تبادلہ کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ جہاں ضرروی ہو بلواسطہ یا بلاواسطہ کسٹمر کی ٹیکس ادائیگی کی ذمہ داری کسی بھی دائرہ قانون میں ثابت کرنا لازم ہو جہاں مقامی یا بین الاقوامی نگران یا ٹیکس اتھارٹیز کو درکار ہو، کسٹمر بینک الفلاح لمیٹڈ کو اختیار دیتا ہے کہ وہ میرا/ہمارے اکاؤنٹ سے ایسی رقوم کی کٹوتی کر سکتا ہے جو اس مد میں مروجہ قوانین، قواعد اور ہدایات کی روشنی میں درکار ہو گی۔

## 20. Dormant Accounts غیر فعال اکاؤنٹ

20.1 If no customer initiated transaction (debit or credit) or activity (e.g. login through digital channels) has taken place during the previous one year, your account will become Dormant or In-Operative Account. Further, Debit transactions/ withdrawals will not be allowed until the account is activated. The Bank reserves the right to debit for the recovery of loans and profit/rent etc., any permissible Bank charges, Government duties or levies and instructions issued under any law or from the court will not be subject to debit or withdrawal restrictions.

اگر گزشتہ ایک سال کے دوران کسی صارف کی طرف سے شروع کردہ لین دین (ڈیبٹ یا کریڈٹ) یا سرگرمی (مثلاً ڈیجیٹل چینلز کے ذریعے لاگ ان) نہیں ہوئی، تو آپ کا اکاؤنٹ غیر فعال یا ڈورمنٹ اکاؤنٹ بن جائے گا۔ مزید برآں، ڈیبٹ ٹرانزیکشنز/رقم نکالنے کی اجازت نہیں ہوگی جب تک کہ اکاؤنٹ کو فعال نہ کیا جائے۔ بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ قرضوں اور منافع/کرایہ وغیرہ کی وصولی کے لیے، کسی بھی قابلِ اطلاق بینک چارجز، سرکاری ڈیوٹیز یا ٹیکسز کو ڈیبٹ کرے، اور کسی بھی قانون کے تحت یا عدالت کی جانب سے جاری کردہ ہدایات ڈیبٹ یا رقم نکلوانے کی پابندیوں کے تابع نہیں ہوں گی۔

20.2 For reactivation of dormant/inactive account, customer may submit a formal request through any authenticated medium, including mobile banking applications, internet banking portals, ATMs, surface mail, email, registered mobile or landline number, etc. as advised by the bank from time to time, in pursuance to the applicable laws and regulations.

غیر فعال/غیر متحرک اکاؤنٹ کو دوبارہ فعال کرنے کے لیے صارف کسی بھی مستند ذرائع سے باضابطہ درخواست دے سکتا ہے، جن میں موبائل بینکنگ ایپلیکیشنز، انٹرنیٹ بینکنگ، پورٹلز، اے ٹی ایمز، ڈاک (Surface Mail)، ای میل، رجسٹرڈ موبائل یا لینڈ لائن نمبر وغیرہ شامل ہیں، جیسا کہ وقتاً فوقتاً بینک کی جانب سے قابل اطلاق قوانین و ضوابط کے مطابق تجویز کیا جائے۔

**20.3 If no transaction has taken place in the account during the last fifteen years, the deposit in the account will be surrendered by the Bank to the State Bank of Pakistan as required by the Banking Companies Ordinance, 1962. The surrendered deposits can be claimed through your respective branch.**

**اگر کسی اکاؤنٹ میں گزشتہ 15 سال کے دوران کوئی ٹرانزیکشن نہ ہوئی ہو تو بینکنگ کمپنیز آرڈیننس 1962 کے تحت اکاؤنٹ میں موجود بیلنس/ڈپازٹ بینک، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کردے گا۔ سرنڈرڈ ڈپازٹس اپنی متعلقہ برانچ کے ذریعے کلیم کیے جاسکتے ہیں۔**

## 21. Bank's Right to Consolidate and Set Off and Bank's Lien — حق وصول کرنے اور سیٹ آف کے حوالے سے بینک کا حق

21.1 The Bank may at anytime and without further notice or liability in any manner to the Customer shall have the right to combine or consolidate or merge anyone or all accounts/deposits of the Customer with the Bank or any of its branches (whether current or savings account or of any other nature and in whatever currency) to adjust or set off any outstanding indebtedness or liabilities of the Customer to the Bank whether primary or collateral, irrespective of the currency or currencies involved. Where such combination, consolidation and/or set off requires the conversion of one currency into another, the Bank shall be entitled to effect such conversion at such rate of exchange prevailing on the day of such combination, consolidation and/or set off as the Bank may apply in accordance with the Bank's usual banking practice in such connection and all exchange risks, losses, premium, commission and other Bank charges shall be borne by the Customer.

بینک صارف کو مزید نوٹس دیئے بغیر اور صارف کے ایماء پر کسی بھی ذمہ داری کے بغیر کسی بھی وقت صارف کے بینک کے ساتھ یا اس کی کسی اور برانچ کے ساتھ (خواہ کرنٹ یا سیونگ ڈپازٹ یا کسی دیگر نوعیت کا کسی بھی کرنسی میں) کسی ایک یا تمام اکاؤنٹس/ڈپازٹس کو ملانے یا یکجا کرنے یا ضم کرنے یا صارف کے ذمہ بینک کو قابل ادائیگی واجبات خواہ وہ بنیادی یا اجتماعی اور زیر استعمال کرنسی کا فرق محسوس کئے بغیر ایڈجسٹ کرنے اور سیٹ آف کے تحت وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔ جہاں پر ضم، بندوبست اور/یا سیٹ آف کے لئے ایک کرنسی سے دوسری کرنسی میں تبدیلی مطلوب ہوگی تو بینک اس دن کے مقررہ ایکسچینج ریٹ کے مطابق اپنے روزمرہ کے کاروباری معمول کے مطابق کرنسی تبدیل کرنے کا مجاز ہوگا اور تمام ایکسچینج رسک، نقصان، پریمیئم، کمیشن اور بینک کے دیگر چارجز صارف برداشت کرے گا۔

21.2 Any financing facility approved by the Bank in the account may be disallowed/withdrawn/cancelled by the Bank if the account in the opinion of the Bank is not satisfactorily maintained by the Customer or the Customer fails to perform his/her obligations.

اگر بینک کی رائے میں کسٹمر اکاؤنٹ کو تسلی بخش طریقے سے نہ چلا رہا ہو یا صارف اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہے تو بینک کی طرف سے کسی اکاؤنٹ پر دی گئی فنانسنگ کی سہولت کو روکا/منسوخ/واپس لیا جاسکتا ہے۔

21.3 The Bank shall have a lien on all funds, monies, securities and other properties of whatsoever nature belonging (As per the lien marking guidelines provided by the Sharia Board) to the Customer in the possession of the Bank for repayment of any liability or indebtedness of the Customer to the Bank.

بینک کو حق حاصل ہوگا کہ وہ کسٹمر کی کسی بھی ذمہ داری یا قرض کی ادائیگی کے لیے، کسٹمر کی ملکیت میں موجود تمام رقوم، فنڈز، سیکیورٹیز اور ہر قسم کی دیگر جائیداد پر (جیسا کہ شریعہ بورڈ کی جانب سے فراہم کردہ لین مارکنگ گائیڈلائنز کے مطابق) جو بینک کے قبضہ میں ہوں، حقِ رہن (لین) قائم کرے۔

## 22. ATM/Debit Card/Phone Banking — اے ٹی ایم/ڈیبٹ کارڈ/فون بینکنگ

'The card holder' means the individual to whom the 'card' (i.e. ATM/Debit Card/Phone Banking) is issued by the Bank Alfalah Limited ('Bank') where the application for card is jointly signed by persons maintaining joint account on either or survivor basis, the said person shall be jointly and severally bound by these Terms and Conditions.

کارڈ ہولڈر سے مراد ایسا شخص جس کو بینک الفلاح لمیٹڈ (بینک) نے کارڈ (مثلاً اے ٹی ایم/ڈیبٹ کارڈ/فون بینکنگ) جاری کیا ہو۔ جہاں کارڈ کے لئے دی گئی درخواست جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی کوئی ایک یا باقی ماندہ کی بنیاد پر مشترکہ طور پر دستخط شدہ ہو تو ایسا شخص ذاتی اور اجتماعی طور پر ان شرائط وضوابط کا پابند ہوگا۔

22.1 The card shall be issued maintaining sole or joint accounts (on either or survivor basis).

کارڈ کسی شخص کو پاکستان میں ذاتی یا اجتماعی اکاؤنٹس (کوئی ایک یا باقی ماندہ کی بنیاد پر) کے لئے جاری کیا جائے گا۔

22.2 The card shall be issued for use on Automated Teller Machines (ATMs) and Point of Sales (POS) Terminals installed at the branches and at business place(s) of merchants and the ATM/Debit switch designated by the Bank within Pakistan/internationally.

یہ کارڈ پاکستان/بیرون ملک برانچز اور کاروباری مراکز پر نصب شدہ آٹومیٹڈ ٹیلر مشین (اے ٹی ایم) اور پوائنٹ آف سیلز میں بینک کے نامزد اے ٹی ایم/ڈیبٹ سوئچ پر استعمال کے لئے جاری کیا جائے گا۔

22.3 The card shall remain the property of the Bank at all times and the Bank may at its sole discretion and without assigning any reason, cancel the card and through notice, demand its return, and the card holder shall return the card to the Bank within the time stipulated by the Bank in the notice.

کارڈ ہمہ وقت بینک کی ملکیت رہے گا اور بینک اپنی صوابدید پر اور بغیر کوئی وجہ بتائے کارڈ کو منسوخ کر سکتا ہے اور بذریعہ نوٹس اس کی واپسی کا مطالبہ کر سکتا ہے اور کارڈ ہولڈر کو بینک کی جانب سے دیئے گئے نوٹس میں واضح کردہ دورانیے میں واپس کرنا ہوگا۔

22.4 The card holder shall use the card entirely at his/her own risk and shall indemnify and hold the Bank harmless from and against all losses, damages and costs as a result of using the card.

کارڈ ہولڈر کارڈ کو مکمل طور پر اپنے رسک پر استعمال کرے گا اور اس کے استعمال سے بینک کسی بھی قسم کے نقصان، ہرجانے، اخراجات سے مستثنیٰ ہوگا جو کارڈ کے استعمال کی بناء پر ہوں گے۔

22.5 The card holder undertakes not to divulge his/her PIN/or the card accidentally or otherwise, to any other person. In case the PIN is divulged to any other person, the Bank shall treat that person as an acting agent of the card holder. The card holder shall indemnify and keep the Bank indemnified and harmless from against all losses, damages and costs that may occur as a result of the PIN divulgence.

کارڈ ہولڈر اس بات کو قبول کرتا ہے کہ وہ اپنا پن کسی بھی طور پر یا کسی اور وجہ سے کسی دوسرے آدمی پر حادثاتی طور پر ظاہر نہیں کرے گا، کسی صورت میں پن کسی بھی دوسرے آدمی پر واضح ہونے پر بینک اس شخص کو کارڈ ہولڈر کا ایکٹنگ ایجنٹ تصور کرے گا۔ کارڈ ہولڈر پن کے عیاں ہونے کی صورت میں بینک کو ہونے والے ہر قسم کے نقصان، ہرجانے و اخراجات سے محفوظ رکھے گا اور اس کا ازالہ کرے گا۔

22.6 The Bank is authorised to act on any telephone instructions that the Bank believes have been given by the card holder or on his/her behalf, where the person giving such instructions provides the Personal Identification Number (PIN) initially generated by card holder or any number(s) substituted by the card holder for the purpose.

بینک اس بات کا مجاز ہے کہ ٹیلی فون پر دی گئی ہدایات پر عمل کرے جن کے بارے میں بینک یقین رکھتا ہے کہ وہ کارڈ ہولڈر یا اس کے ایماء پر کوئی دوسرا شخص دے رہا ہے، جو ابتدائی طور پر کارڈ ہولڈر کی جانب سے دیئے گئے ذاتی شناختی نمبر یا کوئی اور نمبر جو کارڈ ہولڈر نے کسی وجہ سے متبادل کے طور پر دیا ہو کر فراہم کیے جانے کی صورت میں ہوگا۔

22.7 The card holder accepts all debits made to the account arising from the use of the card without limitation (except after written notice of loss has been received and acknowledged by the Bank).

کارڈ ہولڈر اپنے اکاؤنٹ سے کارڈ کے استعمال کے ذریعے سے ہونے والے تمام ڈیبٹ کو بغیر کسی معیاد کے تسلیم/قبول کرے گا، (ماسوائے کہ بینک کو اس سے قبل گمشدگی کی بابت تحریری نوٹس موصول ہو چکا ہو)۔

22.8 The Bank reserves the right to limit cash withdrawal and total purchases amount from an ATM or POS terminal during 24 hours period and to advise the card holder of such limits from time to time.

بینک حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ 24 گھنٹے کے دوران اے ٹی ایم اور پی او ایس ٹرمینل سے کیش نکلوانے اور خریداری کی کل رقم کی حد مقرر کرے اور کارڈ ہولڈر کو وقتاً فوقتاً ان حدود سے آگاہ کرتا رہے۔

22.9 The Bank shall not be responsible for any loss or damages arising directly or indirectly from any malfunction or failure of the card or the ATM/POS or the temporary insufficiency of funds of such machines or the suspension or the closure of the machine for repair or servicing or power breakdown.

کسی غلط کارروائی کارڈ کے فیل ہونے یا اے ٹی ایم پی او ایس یا اس مشین میں عارضی طور پر مناسب فنڈز کے نہ ہونے یا معطل ہونے یا مرمت کے لئے مشین کے بند ہونے یا سروس کرنے یا بجلی کے بند ہونے کی وجہ سے ہونے والے بالواسطہ یا بلاواسطہ نقصان، ہرجانے کی بابت بینک ذمہ دار نہ ہوگا۔

22.10 The Bank shall debit the card transaction amount to the card account (Customer account(s) linked to the card) as soon as the Bank receives advice electronically or otherwise from the retailer or supplier (POS merchant) in connection therewith.

بینک کارڈ اکاؤنٹ (صارف کے کارڈ سے منسلک اکاؤنٹ) سے کارڈ کے ذریعے سے ہونے والی ٹرانزیکشن کی رقم ڈیبٹ کرے گا جونہی اسے الیکٹرانک ذریعے سے یا بصورت دیگر ریٹیلر یا سپلائر (پی او ایس مرچنٹ) کی طرف سے ایسی ہدایت موصول ہوگی۔

22.11 In case a merchant makes refund for a debit card transaction, the Bank will credit the card account upon receipt of cleared refund amount from the merchant or settlement Bank in respect of such refund. The Bank will not be responsible for any delay in receiving such refunds.

مرچنٹ کے ڈیبٹ ٹرانزیکشن کی واپسی کے سلسلے میں بینک مرچنٹ/بینک کی طرف سے ریفنڈ کی اضافی رقم موصول ہونے پر کارڈ اکاؤنٹ میں کریڈٹ کردے گا یا ایسے فنڈز کی بابت بینک سیٹلمنٹ کرے گا۔ بینک ایسے فنڈ کی وصولی میں ہونے والی کسی تاخیر کی بابت ذمہ دار نہ ہوگا۔

22.12 I hereby undertake that I will not use Bank Alfalah Islamic Debit Card to gain privileges prohibited by Shariah, e.g. conventional life insurance, entrance to prohibited places like nightclubs, or prohibited gifts like alcohol or pork. I understand that Bank Alfalah Islamic reserves the rights to refuse usage of the provided debit card at any place deemed prohibited by its Shariah board, including online merchants.

میں اقرار کرتا ہوں کہ میں بینک الفلاح اسلامک ڈیبٹ کارڈ کو ایسی مراعات کے حصول کے لیے استعمال نہیں کروں گا جو شریعہ کی طرف سے ممنوع ہوں جیسے کنوینشنل لائف انشورنس، ممنوع مقامات پر جانا جیسے نائٹ کلبس یا ممنوع تحائف جیسے شراب یا خنزیر۔ میں اس بات کو سمجھتا ہوں کہ بینک الفلاح اسلامک حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ فراہم کردہ ڈیبٹ کارڈ کے استعمال کو کسی بھی ایسی جگہ مسترد کردے جہاں شریعہ کے مطابق اس کے استعمال کو ممنوع قرار دیا گیا ہو، بشمول آن لائن مرچنٹس۔

22.13 The Bank may in addition require to execute such other documents as may relate to the services or to any such instructions given by the card holder and the card holder shall execute all such documents as may be required by the Bank in this regard.

بینک اضافی طور پر کسی دستاویز جو سروسز سے متعلق یا کارڈ ہولڈر کی طرف سے دی گئی ہدایات سے متعلق ہو، پر عمل درآمد کا مطالبہ کر سکتا ہے اور کارڈ ہولڈر اس ضمن میں بینک کو مطلوبہ تمام دستاویزات پر کر کے دے گا۔

## 23. Miscellaneous متفرق

23.1 The Bank is subject to all applicable circulars, orders, directives, rules, regulations, laws, decrees and restrictions issued by competent authorities such as Government(s), courts of law and other regulatory authorities in Pakistan and the liability of the Bank for payment is governed by applicable laws and regulations in force in Pakistan at the relevant time or as amended from time to time. Repayment of any deposit account, balances, or interests/profit thereon is subject to any acts of the Government of Pakistan or any competent governmental and/or other regulatory authority in Pakistan.

بینک تمام نافذ العمل سرکلرز، آرڈرز، ہدایات، شرائط، قوانین، عدالتی حکم اور مجاز اتھارٹی کی طرف سے عائد پابندیوں جیسا کہ گورنمنٹ، عدالتیں اور پاکستان کی دیگر ریگولیٹری اتھارٹیز کے تابع ہوگا اور بینک کی ذمہ داری بابت ادائیگی پاکستان کے رائج الوقت قوانین اور قواعد یا جیسا کہ وقتاً فوقتاً تبدیل شدہ کے زیر نگرانی ہوگی۔ کسی ڈپازٹ اکاؤنٹ، بیلنسز یا منافع/ہونے والے منافع کی ادائیگی گورنمنٹ پاکستان کے قانون یا کسی مجاز گورنمنٹ اور/یا پاکستان میں کسی دیگر ریگولیٹری اتھارٹی کے تابع ہوگی۔

23.2 The Bank in pursuit to comply with laws and regulations may intercept and investigate any payment messages and other information or communications sent to or by the account holder or on the account holder's behalf via other Bank. This process may involve making future enquiries.

بینک کسی قانون اور قواعد کی تکمیل میں کسی دوسرے بینک کے ذریعے سے کسی اکاؤنٹ ہولڈر یا اکاؤنٹ ہولڈر کے ایماء پر ادائیگی کی بابت پیغام اور دیگر معلومات یا بات چیت میں مداخلت اور تحقیق کر سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے یہ طریقہ کار مستقبل میں کی جانے والی انکوائری کے لئے ہو۔

23.3 Any change in the address/phone/e-mail/Country of Tax Jurisdiction/Nationality or constitution of the account holder should be immediately communicated in writing to the Bank. No responsibility shall be accepted by the Bank for any delay, non-delivery, etc., in case of the incorrect/irrelevant address/phone/email.
اکاؤنٹ ہولڈر کے ایڈریس/فون/ای میل/ٹیکس کا دائرہ اختیار رکھنے والا ملک/قومیت یا ساخت میں تبدیلی کی بابت بینک کو تحریری طور پر فوری اطلاع کرنی ہوگی۔ غلط/غیر متعلقہ ایڈریس/فون/ای میل کی وجہ سے کسی تاخیر، عدم ترسیل وغیرہ کی بابت بینک کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

23.4 Account may be transferred from one branch to another branch, free of charge, without affecting the profit accruing positions of the amount as the concerning accumulated products of credit balances in such accounts for unaccounted period would also be transferred to the receiving branch, along with the credit balance on the date of transfer. The Bank may, at any time, change the location of any of its branches and inform the account holders accordingly.
اکاؤنٹ ایک برانچ سے بینک کی دوسری برانچ میں بغیر چارجز اور اکاؤنٹ پر ہونے والے منافع پر اثر انداز ہوئے بغیر اس اکاؤنٹ میں موجود غیر شمار شدہ دورانیے کا جملہ کریڈٹ بیلنس بھی وصول کنندہ برانچ میں بمعہ منتقلی تاریخ تک کریڈٹ بیلنس منتقل کر سکتا ہے۔ بینک کسی بھی وقت اپنی برانچز کی لوکیشن تبدیل کر سکتا ہے اور اس کی بابت اکاؤنٹ ہولڈر کو حسب ضابطہ اطلاع دی جائے گی۔

23.5 The account holder/depositor shall not have any recourse against the head office or any branch of the Bank outside Pakistan in respect of the payment of any deposits, account balances or profit thereupon maintained or/and accruing with the Bank in Pakistan. Any such rights of recourse are expressly waived.
اکاؤنٹ ہولڈر/صارف پاکستان سے باہر کسی برانچ یا ہیڈ آفس کے خلاف پاکستان کے اندر بینک سے کسی ڈپازٹ کی ادائیگی، اکاؤنٹ بیلنس یا ہونے والے منافع/آمدن کی ادائیگی کی بابت کوئی چارہ جوئی نہیں کرے گا۔ اکاؤنٹ ہولڈر ایسی چارہ جوئی کے حق سے واضح طور پر دستبردار ہو چکا ہے۔

23.6 The Bank reserve the right to demand a copy of any identification as the Bank deems fit of any third party who presents himself/herself at any branch of the Bank for the purpose of carrying out a transaction authorised by the account holder.
بینک کے پاس حق محفوظ ہے کہ بینک کی کسی بھی برانچ میں تھرڈ پارٹی کو کسی اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے ٹرانزیکشن کیلئے پیش کرنے پر موزوں سجھتے ہوئے کسی بھی شناختی دستاویز کی نقل کا تقاضا کرے۔

23.7 In case of any complaint, you may also write to State Bank of Pakistan and Banking Mohtasib Pakistan on www.sbp.org.pk or www.bankingmohtasib.gov.pk respectively.
کسی بھی شکایت کی صورت میں، آپ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو بذریعہ ای میل www.sbp.org.pk اور بینکنگ محتسب پاکستان کو www.bankingmohtasib.gov.pk پر بھی لکھ سکتے ہیں۔

23.8 The Customer undertakes to abide by all applicable laws, rules and regulations in order to prevent money laundering.
صارف اس امر کی ذمہ داری لیتا ہے کہ وہ منی لانڈرنگ کی روک تھام سے متعلق تمام نافذ العمل قوانین، اصولوں اور قواعد کی پابندی کرے گا۔

23.9 The Bank shall have the right to block Customer’s account in special circumstance without any reference to the Customer. In case of bankruptcy of an individual/partnership Customer, the Bank will stop operation in the account immediately, after the receipt of official notice or as and when becomes aware of it from any reliable source
بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ خاص حالات میں وجہ بتائے بغیر کسٹمر کا اکاؤنٹ بلاک کر دے۔ بینک صارف کا دیوالیہ ہونے کی بابت حسب ضابطہ نوٹس ملنے کے بعد یا کسی معتبر ذرائع سے اطلاع ملنے پر اکاؤنٹ آپریشن کو روک دے گا۔

23.10 The Customer acknowledges that the Bank is subject to the laws and regulations of Pakistan and internal policy of the Bank. The Customer hereby authorises the Bank to transmit, respond or provide any information pertaining to the Customer, the account(s), the services and transactions relating to the account(s), in its sole discretion and without any reference to the Customer, to any enquiry received from any other bank(s) or any other competent authority or Government agencies under any applicable law, pursuant to a court order and/or to protect the interest of the Bank and its employees, concerning the Customer/ account/services/transactions, including the balances. The Customer further authorises the Bank to provide, without any reference to the Customer, any information about him/her and/or his/her account/dealings with the Bank, to State Bank of Pakistan or any credit rating or data collection agency under any arrangements between the member banks of the rating or data collection agency. The Bank is fully indemnified by Customer against any costs, damages or penalties arising therefrom.
صارف تسلیم کرتا ہے کہ بینک قوانین پاکستان اور اپنی پالیسی کے تابع ہے۔ صارف بینک کو اختیار دیتا ہے کہ وہ اپنی صوابدید پر صارف یا اس کے اکاؤنٹ، سروس، ترسیلات کا جواب دے سکتا ہے یا یہ معلومات فراہم کر سکتا ہے۔ کسی بھی بینک کی انکوائری یا کسی بھی مجاز اتھارٹی یا گورنمنٹ ایجنسیوں کسی بھی قابل اطلاق قانون کے تحت یا کورٹ کے حکم کے مطابق اور یا بینک کے مفاد یا اس کے ملازمین کے مفاد کی حفاظت کرتے ہوئے صارف/اکاؤنٹ سروس/ترسیلات بشمول بقایا جات فراہم کر سکتا ہے۔ صارف مزید اختیار دیتا ہے کہ بغیر صارف سے رابطہ کئے کوئی بھی معلومات اس کے متعلق اور/یا اکاؤنٹ/معاملات بینک اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو یا کسی بھی کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی یا معلومات اکٹھی کرنے والے ادارے کو فراہم کر سکتا ہے۔ کسٹمر اس ضمن میں تمام نقصانات خرچ اور جرمانے کا ازالہ کرنے کا پابند ہے۔

23.11 These Terms and Conditions may be revised or modified by the Bank from time to time at its sole discretion and shall be subject to the laws of Islamic Republic of Pakistan, including all notifications, directives, circulars and regulations of the State Bank of Pakistan. The revised or modified terms will become effective upon 30 days of advance notice by verifiable means such as (letter, email, SMS, telephone etc.) as bank deems fit given to the Customer, in addition to displaying in branches/smart branches, notice on bank's website and electronic banking channels.

یہ شرائط وضوابط وقتاً فوقتاًتجدید یا تبدیل ہوسکتی ہیں اور مشروط ہیں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے قوانین سے، بشمول تمام نوٹیفیکیشن، ہدایات، سرکلرز اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قواعد کے۔ تجدید اور تبدیل شدہ قواعد صارف کو نوٹس دینے کے تیس دن بعد مؤثر ہوں گے۔ بینک کی صوابدید کے مطابق قابلِ تصدیق ذرائع جیسے (خط، ای میل، ایس ایم ایس، ٹیلی فون وغیرہ) کے ذریعے صارف کو مطلع کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ برانچز/اسمارٹ برانچز میں نوٹس آویزاں کیے جائیں گے نیز بینک کی ویب سائٹ اور الیکٹرانک بینکنگ چینلز پر بھی اطلاع دی جائے گی۔

23.12 The Bank offers Alfalah Orbit Rewards IBG free of cost on the eligible products to the account holders. Orbit Rewards IBG are loyalty points that customers may earn and redeem in accordance with the Alfalah Orbit Rewards IBG Program. Participation and use of Orbit Rewards IBG are subject to the detailed terms and conditions available on the Bank's official website, as amended from time to time.

بینک قابلِ قبول مصنوعات پر اکاؤنٹ ہولڈرز کو الفلاح اوربٹ ریوارڈز اسلامک بینکنگ بلا معاوضہ پیش کرتا ہے۔ اوربٹ ریوارڈز اسلامک بینکنگ لائلٹی پوائنٹس ہیں جو صارفین الفلاح اوربٹ ریوارڈز اسلامک بینکنگ پروگرام کے مطابق حاصل اور استعمال کر سکتے ہیں۔ اوربٹ ریوارڈز اسلامک بینکنگ میں شرکت اور ان کا استعمال بینک کی آفیشل ویب سائٹ پر دستیاب تفصیلی شرائط وضوابط کے تابع ہے، جن میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاسکتی ہے۔

23.13 The Customer acknowledges by signing/impressing thumb impression on the Account Opening Form that he/she has read or have been read out to him/her and understood and agrees to be bound by these Terms and Conditions. Interpretation of these Terms and Conditions shall be final and binding. However, in case of any dispute, matter will be referred to SBP and the decision of the SBP will be final and binding.

صارف اکاؤنٹ کھولنے کے فارم پر اپنے دستخط/نشان انگوٹھا ثبت کرتے ہوئے تسلیم کرتا ہے کہ اس نے تمام شرائط و ضوابط کو پڑھ کر اور سن کر سمجھ لیا ہے اور وہ اقرار کرتا ہے کہ وہ ان شرائط و ضوابط کا پابند رہے گا۔ ان شرائط و ضوابط کی پیش کردہ تشریح حتمی اور قابل پابندی ہوگی تاہم کسی بھی تنازعہ کی صورت میں معاملہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو بھجوایا جا سکتا ہے جس کا فیصلہ حتمی اور فریقین پر لازم ہوگا۔

| Customer's Signature<br>صارف کے دستخط | ____________________<br>(1) | ____________________<br>(2) | ____________________<br>(3) |
|---|---|---|---|

Copy of Account Opening Form
and Terms and Conditions
Received and Accepted
کاپی شرائط وضوابط بمعہ اکاؤنٹ اوپننگ
فارم وصول کی جو منظور ہے

____________________________

Customer's Signature(s)
صارف کے دستخط

Bank Alfalah
Islamic
021 111 225 111
bankalfalah.com/islamic-banking